A. Douglas Small, 54, originally from Collingwood, to be Ambassador to Pakistan. Mr. Small (BA, University of Toronto) joined External Affairs in 1955 and has served in Bonn, Lagos, Dar-es-Salaam and London. Since 1975 he has been Director of Pacific Affairs Division.

He replaces W. F. Stone who has returned to Ottawa.

Introduce Crescent To A friend

WANTED

The Association of Muslim Scientists and Engineers offers a Professional Placement Service to help the developing Muslim countries in locating human resources who, by virtue of their ideological commitment, social adaptability, and familiarity with the culture will be able to serve the needs of Muslim countries.

The office of the Professional Placement Service (PPS) prepares and maintains an up-to-date data bank on interested individuals, organize recruitment, and solicit work abroad. The office is ready and equipped to provide a variety of placement services by exchanging the information between interested parties.

Individuals interested in overseas career opportunities (long/short term) are requested to send two copies of their resume (including phone numbers) to this office.

Presently we have job orders from Kuwait, Saudi-Arabia, Bahrain for professionals in various fields of specialization.

Send Resumes to:

PROFESSIONAL PLACEMENT SERVICE,
The Association Of Muslim Scientists And Engineers,
P.O. Box. 38, Plainfield, Indiana 46168, USA, Phone (317) 839-8157.

THE PROPHET IN THE POETRY OF IQBAL

By G.A. Moledina

موت آجائے جو یثرب کے کسی کوچے میں
[illegible]

In 1903 Iqbal recited a long poem — "Abr-i Gawhar Bar" (Blessed Showers) at the Annual Session of the Anjuman-i-Hayat-i-Islam of Lahore. It is not included in "Bang-i-Dara" (The Call of the Highway).

The above noted verse is taken from that poem and very clearly expressed Iqbal's desire to die in Madina. Several poems in "Bang-i-Dara" also bear witness to this yearning of the poet. "In the Presence of the Sacred Prophet" is worthy of quotation. "In the world of his dreams the poet presents himself in the Court of the Prophet, the Prophet asks what has he brought for him and the wonderful offering the poet makes can be imagined from the following verses of imperishable beauty."



نکل کے باغ جہاں سے برنگ بو آیا
ہمارے واسطے کیا تحفہ لے کے تو آیا
مگر میں نذر کو اک آبگینہ لایا ہوں
جو چیز اس میں ہے جنت میں بھی نہیں ملتی
جھلکتی ہے تری امت کی آبرو اس میں
طرابلس کے شہیدوں کا ہے لہو اس میں

Like perfume you come from the orchards of the earth—
What bring you then to greet us with, what offering?
But I have brought this chalice to make my offering,
It holds a thing not to be found in Paradise.
... here, O Lord, the honour of ... followers glimmering,
The martyred blood of Tripoli, O Lord, is in this cup.

This poem was recited in 1912 at the Shahi Mosque, Lahore on the occasion of the meeting called for collecting funds in aid of the martyrs of the Battle of Tripoli during the Italian-Turco War.

In ارمغان حجاز "Armaghan-Hijaz" (Gift of Hijaz) Iqbal advises Muslims to surrender themselves to Allah and follow the Prophet if they desire to occupy their proper place in the world.

مقام خویش اگر خواہی دریں دیر
بحق دل بند و راہ مصطفیٰ رو

The advice given on so many occasions and repeated in "Armaghan-i-Hijaz," published after Iqbal's death, is therefore worth pondering over. Iqbal had already come to the conclusion that "among human beings the Prophet presented in himself the picture of the Perfect Man. By emulating him one sees the possibility of becoming the Divine vice-regent. The conclusion is based on Iqbal's study of Islamic Philosophy, and although very succinctly described throughout his poetry, is treated in greater detail in his prose work, and therefore outside the scope of the this article. Consequently, selection of verses dealing with the Prophet as the Perfect Man as conceived by Iqbal are not dealt with; but we cannot resist by way of example:-

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا

The Pathfinder, Last Messenger of God, master of all,
Who on the road-dust bestowed the splendour of Sinai.

This verse, it will be noticed, epitomizes Iqbal's view of the Prophet in Islam.

In "Armaghan-i-Hijaz" Iqbal reached the zenith of his love for the Prophet. Perhaps he realized that his life long desire to visit the two cities Mecca and Madina—would remain unfulfilled on account of serious illness. He could not fulfil his dream physically but spiritually he was there all the time.

Iqbal undertakes an imaginary journey to Arabia, to Mecca and Madina. On his way to Madina Iqbal tells the camel-driver to move slowly because the sand under his feet appears to be softer than silk; every particle of it seems to have turned into a heart, beating, throbbing and pulsating.

چہ خوش صحرا کہ شامش صبح خند است
شبش کوتاہ و روز او بلند است
قدم اے راہرو آہستہ تر نہ
چو ما ہر ذرۂ او دردمند است

Blessed be the desert whose evenings cheerful as the dawn, whose nights are short and days ... O traveller! Softly ... here is afflicted like us.

Perhaps before entering the gates of Madina the poet says:

Musk-laden is the zephyr today, Beloved's tresses, haply, are loosened in wind's direction.

Iqbal asks if in the evening of life he decided to go to Madina, which was the true dwelling-place of the soul and the real abode of the MOMIN, what was strange in it? Just as the birds at sunset fly back to their nests his spirit too, was restless to return to the place to which it actually belonged.

باین پیری رہ یثرب گرفتم
نوا خوان از سرور عاشقانہ
چو آن مرغی کہ در صحرا سر شام
گشاید پر بہ فکر آشیانہ

Finally, the poet prays to Allah: On the Day of Judgement do not disgrace us before our Master Muhammad. Take my account from me when he is not around.

مکن رسوا حضور خواجہ ما را
حساب من ز چشم او نہاں گیر

[Concluded]

Sayings of Prophet Muhammed pbuh



TENDERNESS AND MERCY TOWARDS PEOPLE

"If anyone cares for two girls till they grow up, he and I will come on the Day of Resurrection thus," and he joined his fingers.

*

"I and the one who takes responsibility for an orphan, whether of his own kin or of others, will be in Paradise thus," and he pointed his forefinger and middle finger with a slight space between them.

*

"Believers are to one another like a building whose parts support one another." He then interlaced his fingers.

*

God will not show mercy to him who does not show mercy to others. □

THOSE WHO ARE NOT ALLOWED TO BEG

He who begs the property of others to increase his own is asking only for live coals, so let him ask little or much.

*

It is better for one of you to take his rope, bring a load of firewood on his back, and sell it, God thereby preserving his self-respect, than that he should beg from people whether they give him anything or refuse him.

*

God's Messenger said when he was on the pulpit speaking of Sadaqa and abstention from begging, "The upper hand is better than the lower one, the upper being the one which bestows and the one which begs."

*

If anyone guarantees me that he will not beg from people, I will guarantee him Paradise. □

India's Flood — of Rain and Revelations

While Mansoon floods have been ravaging the poor millions of India, particularly in the state of West Bengal affecting 35 million people, the rich have revelled in a new wave of floods. Following closely in the foot steps of Sanjay Gandhi, Kanti Desai, the son of India's prime minister Morarji seems to be under pressure on account of business irregularities. Now another minister Jagjivan Ram's son, Rajkumar was photographed in the nude and in a very compromising position with a college girl of another cast. While this should not raise eyebrows in the land of Kama Sutra but a Castridden society looks at it differently. Jagjivan Ram and his son are Sudras, members of the untouchable class who cannot be allowed to violate the sanctity of upper class girls! □

ZIONISTS PLAN TO BLOW UP OMAR'S MASJID

A ten member underground group of Israeli religious fantics recently uncovered by security forces planned to start their revolutionary activities by bombing the holy Omar Masjid and old Jerusalem, police sources said at occupied Jersualem on Aug. 11.

Muslim World

Matrimonial

"Correspondence is invited for possible matrimony for an Indian Muslim girl, well educated.
R.A c/o CRESCENT.

"Well established Pakistani Canadian, 29, 5' 7", professional engineer, invites matrimonial correspondence from charming, well educated Muslim women residing in North America. Reply with full details and photograph." Ahmed c/o Cresent International.

Introduce Crescent to a Friend

OPPORTUNITY

MAKE EXTRA $ AND EXPAND

FOR MEDIUM AND SMALL BUSINESSES. OPPORUNITY FOR GOOD START, IF YOU PLAN TO START YOUR OWN BUSINESS IN NEAR FUTURE.

OUR CONCEPT IS BASED ON GEOGRAPHICAL DISTRIBUTION, PROTECTION OF PRODUCTS, WHICH ARE ACQUIRED AT AN EXCEPTIONALLY COMPETITIVE COST.

IF YOU HAVE ANY PRODUCT IN MIND, WE CAN HELP YOU TO TRACE IT ANYWHERE IN THE WORLD.

WRITE IN DETAIL THE PRODUCTS YOU ARE INTRESTED IN AND QUANTITY NEEDED TO:

HUMA
1714-170 LEES AVE.
OTTAWA, K1S 5G5
TEL: (613)-238-7332

SOLD
MUZAFFAR
491-2205

PHONE: 491-2205

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
پاکستانی رئیل سٹیٹ بروکر
نسیم مظفر

MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

150 Consumer Rd. Suite 407
Willowdale, Ontario.

علی گڑھ میں مسلم کش فسادات

شہر میں کرفیو کے نفاذ کے باوجود مسلمانوں پر حملے جاری ہیں

ہندو غنڈوں نے مسلمانوں کی متعدد دکانیں نذرِ آتش کر دیں

پولیس کی فائرنگ سے کئی افراد زخمی ہو گئے

نئی دہلی ـــــ (اے پی پی) یہاں سے ۹۰ میل دور علی گڑھ میں مسلم کش فسادات میں ۱۰ افراد ہلاک ہو گئے۔ مسلح ہندوؤں اور مسلمانوں میں زبردست تصادم ہوا۔ اس واقعہ کے بعد شہر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ یونائیٹڈ نیوز آف انڈیا نے اطلاع دی ہے کہ پولیس نے مشتعل ہجوموں کو منتشر کرنے کے لیے فائرنگ کی۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ پولیس کی فائرنگ سے بھی کوئی شخص ہلاک ہوا ہے یا نہیں۔ جھڑپوں میں لاتعداد افراد زخمی بھی ہو گئے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ دنگل کے دوران گزشتہ ایک شخص کو چھرا گھونپ دیا گیا تھا جس کے بعد ہندوؤں اور مسلمانوں میں تصادم ہوا۔ لوٹ مار اور پتھراؤ کے واقعات بھی ہوئے۔ ایک سرکاری ترجمان نے بتایا ہے کہ شدید زخمیوں میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بھی شامل ہے۔ علی گڑھ کی غالب آبادی مسلمانوں پر مشتمل ہے۔

مسٹر مہیندر سنگھ، ایس، اے، ایم یادھسن نے ماہرین کو بتایا کہ جمعہ کے روز ہجوم نے شہر کے ایک بارونق بازار میں متعدد دکانوں کو نذرِ آتش کر دیا جس پر پولیس نے فائرنگ کی جس سے ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ مسلمانوں اور ہندوؤں کے گروہوں نے ایک دوسرے کے خلاف چاقو استعمال کیے اور پتھراؤ بھی کیا۔ مسٹر یادھسن نے کہا کہ فسادات ایک شخص کی موت کے بعد شروع ہوئے جسے مبینہ طور پر ایک مقامی میلے میں کشتی دیکھنے کے دوران چھرا گھونپ دیا گیا تھا۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق فسادات کے بعد علی گڑھ میں ۲۴ گھنٹے کا کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ کرفیو کے دوران بھی اکا دکا واقعات کی اطلاعات ہیں۔

مفتی محمود کے پاؤں کا انگوٹھا کاٹ دیا گیا

راولپنڈی ـــــ (پی پی آئی) آج کی اطلاع کے مطابق ہسپتال میں جنرل شوکت حسن نے قومی اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود کے پاؤں کا آپریشن کر کے ان کے پاؤں کا انگوٹھا کاٹ دیا۔ اس آپریشن کے بعد مفتی محمود بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔ آپریشن کے وقت ہسپتال میں وفاقی وزیر صحت مسٹر صادق بھی موجود تھے۔

پاکستان اور بھارت ویزے جاری کرنے کے لیے بمبئی اور کراچی میں اپنے قونصل خانے کھولیں گے

اسلام آباد ـــــ (اے پی پی) پاکستان اور بھارت کی حکومتوں نے بمبئی اور کراچی میں قونصل خانے قائم کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے تاکہ ویزا آفس جلد کھولے جا سکیں۔ پاکستان کے عوام کو ان مشکلات کا علم تھا جن کا سامنا ویزا کے حصول کے سلسلے میں کرنا پڑتا تھا چنانچہ بھارتی سفیر کو اس امر کی اجازت دی گئی ہے کہ وہ کراچی میں قونصل خانہ قائم کریں جہاں سے عوام کو ویزا کے حصول میں آسانی ہو۔ بھارتی حکومت نے بھی پاکستان کو بمبئی میں ویزا آفس قائم کرنے کے لیے قونصل خانہ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ پاکستانی حکومت نے توقع ظاہر کی ہے کہ اس اقدام سے عوام کی بیشتر مشکلات دور ہو جائیں گی جن کا سامنا انہیں ویزا کے حصول کے دوران کرنا پڑتا تھا۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورتِ رشتہ

ایک اچھے گھرانے کے مسلمان، تعلیم یافتہ، برسرِ روزگار لڑکے کے لیے کینیڈا یا امریکہ سے لڑکی کا فوری رشتہ درکار ہے۔ لڑکے کی عمر ۲۶ سال ہے۔ مکمل معلومات کے لیے اقبال زبیری کو فون کیجیے:
(416) 928-5733, 751-4545

•

ایک ۲۹ سالہ مسلم لڑکے کے لیے پاکستانی یا ہندوستانی امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ تفصیلات کے لیے لکھیے:

P. O. BOX 544
STATION "T"
TORONTO, ONT.
M6B 4C2

•

ایک پٹھان نوجوان عمر ۲۷ سال کے لیے جس کی سالانہ آمدنی ۲۱ ہزار ڈالر ہے، ایک مسلمان قبول صورت لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

H. R. KHAN
301 DOUGLAS ST., W., #6
SUDBURY, ONT.
P3C 1G9

•

امریکن امیگرنٹ پاکستانی دوشیزہ عمر ۲۴ سال کے لیے رشتہ درکار ہے۔ تفصیل کے لیے اپنے کل کوائف اور تصویر کے ساتھ خط لکھیے:

P. O. Box 39167
REDFORD, MICH. 48239
USA

•

کارپٹ کی صفائی

کارپٹ کی بھاپ سے عمدہ صفائی کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجیے۔ بہترین کام اور مناسب دام۔

M. LIMBANI
Phone: 494-9284
Carpet Steam Cleaners

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

شادی خانہ آبادی

دنیا کے سو سے زائد ممالک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں، شادی کے لیے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لیے جائے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور جوابی لفافہ ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE (REGD.)
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

New Canada Savings Bonds

آپ اپنے بینک یا سرمایہ کار سے ریگولر انٹرسٹ بانڈز رقم دے کر خرید سکتے ہیں۔ یہ بانڈز تین سو، پانچ سو، ایک ہزار، پانچ ہزار اور دس ہزار ڈالر کی رقم کی شکل میں مل سکتے ہیں۔

سود دیتا رہے گا۔
اب یہاں دیکھیے کہ کس طرح سو ڈالر کے بانڈ کی قیمت سال بسال بڑھتی جاتی ہے۔

Nov. 1	Value	Nov. 1	Value
1979	$108.50	1983	$153.06
1980	$118.26	1984	$166.79
1981	$128.88	1985	$181.74
1982	$140.46		

کمپاؤنڈ انٹرسٹ بانڈ کیش پر خریدے جا سکتے ہیں یا سہولت کے ساتھ ماہانہ سیونگز پلان کے تحت آپ کے اپنے بینک سے خریدے جا سکتے ہیں۔ یہ بانڈز سو ڈالر، تین سو ڈالر، پانچ سو ڈالر، ایک ہزار ڈالر، پانچ ہزار ڈالر اور دس ہزار ڈالر کی صورت میں مل سکتے ہیں۔

Safety, Instant cash and a good return

پچھلے ۳۲ سال سے زائد عرصے سے کینیڈا سیونگز بانڈز ہمارا کی ایک بڑی روایت رہے ہیں۔
کینیڈا سیونگز بانڈز کے ذریعے آپ ایک محفوظ سرمایہ کاری حاصل کرتے ہیں جس سے ہر سال کافی سود حاصل ہوتا ہے اور انہیں آپ کسی بھی وقت کیش کرا سکتے ہیں۔ کوئی تعجب نہیں اگر ہر سال لاکھوں کینیڈین لوگ اپنا پیسہ کینیڈا سیونگز بانڈز پر لگاتے ہیں۔
نئے کینیڈا سیونگز بانڈز کی تاریخ یکم نومبر ۱۹۷۸ء ہے اور ۱۹۸۵ء میں ان کی میعاد ختم ہوتی ہے یہ اوسطاً 8.90% سالانہ سود دیتے ہیں۔ ہر نیا بانڈ ابتدا میں یعنی پہلے سال 8.50% سود سے شروع ہوتا ہے اور باقی چھ سال تک ہر سال 9% سود ادا کرتا ہے۔

The Compound Interest Bond

اگر آپ اپنی بچت کو بڑھتا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں یا مستقبل کے لیے سرمایہ لگانا چاہتے ہیں یا ریٹائرمنٹ فنڈ چاہتے ہیں تو آپ کمپاؤنڈ انٹرسٹ بانڈ پسند کریں گے جو پہلے سال کے بعد ہر سال 8.90% سالانہ شرح پر آپ کے سود پر



The choice is yours

کینیڈا سیونگز بانڈز آپ کو انتخاب کا بڑا موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ ایک ریگولر انٹرسٹ بانڈ ہوتا ہے جو ہر سال سود ادا کرتا ہے۔ دوسرا کمپاؤنڈ انٹرسٹ بانڈ ہے جو خود بخود آپ کے سود کو دوبارہ سرمایہ پر لگاتا ہے۔ اس بانڈ کا انتخاب کیجیے جو آپ کے لیے موزوں ہے۔

A dual purchase limit

آپ تیس ہزار ڈالر کی حد تک مختلف رقومات کے نئے کینیڈا سیونگز بانڈز خرید سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ "S24" اور "SR" بانڈز رکھنے والے اپنے میعاد پوری ہونے والے بانڈز کو نئی سیریز میں دوبارہ سرمایہ پر لگا سکتے ہیں۔

The Regular Interest Bond

اگر آپ اپنی سرمایہ کاری سے باقاعدہ سالانہ آمدنی چاہتے ہیں تو آپ ریگولر انٹرسٹ بانڈ پسند کریں گے جو آپ کو خود بخود نومبر کی پہلی تاریخ کو سود ادا کرتا رہے گا۔
اگر آپ دوسرے کئی بانڈز رکھنے والوں کی طرح چاہیں تو آپ دفتر کے سود کے اکاؤنٹ میں جمع ہونے کو پسند کریں گے جس میں یہ سہولت ہے کہ آپ کا سود سیدھا آپ کے چیکنگ یا سیونگز اکاؤنٹ میں جمع کر دیا جاتا ہے۔ جب آپ نئے بانڈ خریدیں تو اس سلسلے میں صرف ہدایت کر دیں۔ یا آپ چاہیں تو سود کا چیک ڈاک کے ذریعے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

Buy yours now

لاکھوں کینیڈین لوگ اس سال پھر کینیڈا سیونگز بانڈز خریدیں گے۔ اس لیے آپ بھی جتنی جلد ممکن ہو اپنے بینک، انویسٹمنٹ کمپنی، کریڈٹ یونین یا سرمایہ کار کے پاس جائیے اور اس بانڈ کا انتخاب کیجیے جو آپ کے لیے موزوں ہے۔ یہ کام ابھی کیجیے تاکہ آپ ہجوم میں گھرنے سے بچ سکیں۔

8.90%

Average
Annual Interest
to Maturity

A great choice

Compound Interest or Regular Interest

طنز و مزاح

اسلامی قانون کے نقصانات

عطاء اللہ خان درانی

آج کل اسلامی قانون کے نفاذ کا بڑا چرچا ہے۔ ہم چونکہ اسلام کو سمجھتے ہیں اور نہ قانون کو۔ لہٰذا یہ سوچا کہ کیوں نہ ایسے لوگوں کے خیالات سے استفادہ کیا جائے جنھیں دانشور اور ماہر فن کہا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہم نے اپنے چند مسلمان بھائیوں کا انتخاب کیا۔ کیونکہ غیر مسلموں کی رائے کو ہم جانبدار نہیں سمجھتے۔ ان احباب میں سے ایک حضرت کے خیالات و نظریات ہم آپ کی دلچسپی کے لیے یہاں پیش کرتے ہیں۔

ایک صاحب نے جنھیں قانون کا وسیع علم اور سول انتظامیہ کے نظم و نسق کا چالیس سالہ تجربہ ہے، حکومت کے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں اور جنھیں سرگوشی کے سے انداز میں فرمانا شروع کیا جیسے وہ اپنے ریٹائرنگ روم میں ریڈر سے پرچہ پڑھوا کر سندھ میں کسی فریق سے زیادہ سرکاری فیس لے رہے ہوں! اپنے مخصوص فرمانبردارانہ انداز میں جو کہ چالیس سال افسری کرتے ہوئے ان کی شخصیت کا جزو بن گیا ہے، فرمانے لگے "برخوردار! یہ اسلامی قانون محض ایک سیاسی ڈھونگ ہے۔ ہمارے عوام چونکہ پیدائشی طور پر اسلام پسند واقع ہوئے ہیں، اسلام کا نعرہ لگاتے ہوئے آج سے اکتیس سال پہلے ایک اچھا خاصا مضبوط ملک دو حصوں میں تقسیم کر دیا جو کہ اب تین حصوں میں بٹ گیا ہے اور اپنے سیاسی مفادات کی تکمیل کے لیے آج پھر وہی نعرہ دہرایا جا رہا ہے۔ خدارا اب ان لوگوں کو یہ ملک مزید ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ہے۔ کوئی بھی شخص جو تھوڑی بہت سیاسی سوجھ بوجھ اور انتظامیہ کا تجربہ رکھتا ہے، اچھی طرح جانتا ہے کہ یہ قانون جسے یہ اسلامی قانون کہتے ہیں آج کی پیچیدہ سیاست میں قابل عمل نہیں ہیں۔ اگر کوئی شخص یا گروہ اسے زبردستی نافذ کر بھی دے تو میں پوری سے کہتا ہوں کہ اس قدر قانونی، انتظامی اور اقتصادی پیچیدگیاں اور مسائل پیدا ہو جائیں گے کہ یہ قانون اپنی موت آپ مر جائے گا۔ اس کے نافذین کی سیاسی موت کے ساتھ ہم جیسے اعلیٰ افسروں کو بھی خطرے میں ڈال دے گا۔"

ہم جو کہ آج تک یہی سنتے آئے تھے کہ اسلام ایک دین ہے، زندگی کا ایک لائحہ عمل ہے اور زمان و مکان کی پابندیوں سے ماورا قابل عمل ہے۔ آج تک ہم مغربی ناقدین کے اعتراضات مثلاً اسلام کی سزاؤں کے قانون وحشیانہ حد تک سخت ہیں یا کچھ کم علم کج بحثوں کے اعتراضات مثلاً قرآن میں فٹ بال کھیلنے یا مچھلیاں پکڑنے کے طریقے کہاں ہیں؟ سنتے آئے تھے۔ لیکن آج ایک ذمہ دار مسلمان بزرگ کا یہ دعویٰ سن کر ہم چونک سے گئے۔ ہمارا تجسس بڑھا اور ہم نے ان سے عرض کی کہ وہ اپنے دعوے کو ذرا تفصیل سے بیان کریں تاکہ ہم جیسے جاہل اور کم علم لوگوں کے علم میں بھی اضافہ ہو۔

انھوں نے چہرہ سنجیدہ بناتے ہوئے فرمانا شروع کیا "فرض کرو آج اسلامی قانون کا نفاذ ہو جاتا ہے۔ اس کے نفاذ کے نتیجہ میں جیسا کہ اس قانون کے مبلغ دعویٰ کرتے ہیں، بہت سے جرائم کا خاتمہ ہو جاتا ہے مثلاً چوری، ڈاکہ زنی، زنا اور قتل و غارت کی وارداتیں ختم ہو جاتی ہیں یا بالکل کم ہو جاتی ہیں۔ آپ جیسے سطحی طور پر دیکھنے والوں کی نظر میں یہ چیز بہت خوش آئند اور مستحسن ہوگی۔ لیکن ہم لوگوں کو جنھیں عملی طور پر حکومت کی مشینری کو چلانا ہے، بہت دور تک سوچنا پڑتا ہے۔ ہم نعرہ بازی سے مرعوب نہیں ہوتے اور جذبات کی رو میں بہہ کر فیصلے نہیں کرتے۔ ہماری حکمت عملی کی بنیاد ماضی کے حقائق اور مستقبل کے نتائج پر ہوتی ہے۔ ہماری نظر میں اس سارے نظام بلکہ ڈھونگ کی حقیقت افلاطون کی تصوراتی ریاست سے زیادہ کچھ نہیں۔ جس طرح وہ عملی طور پر قابل عمل نہیں ہے اسی طرح یہ قانون اور نظام بھی حقیقی دنیا، خاص طور سے بیسویں صدی کی آخری چوتھائی میں قابل عمل نہیں ہے۔

ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ ان جرائم کے فقدان کے نتائج کیسے سنگین ہوں گے؟ سب سے پہلے ان جرائم کی روک تھام کے ادارے فالتو ہو جائیں گے مثلاً محکمہ پولیس، اس کے ذیلی اور متعلقہ محکمے بے کار ہو جائیں گے۔ جرائم اور مقدمات کے نہ ہونے کی وجہ سے وکلاء صاحبان اور عدلیہ کے پاس کوئی کام نہ ہوگا۔ رشوت کے نہ ہونے سے پورا محکمہ انسداد رشوت ستانی [illegible] ہو جائے گا۔ نئے مجرموں کی کمی کی وجہ سے بہت سی جیلیں بند کرنی پڑیں گی اور اس کے عملے میں زبردست تخفیف کرنا پڑے گی۔ فلمی صنعت کے بند کرنے سے ایک طرف ثقافت تباہ ہو جائے گی، دوسری طرف بہت سے لوگ بے کار ہو جائیں گے اور سب سے بڑھ کر حکومت کی آمدنی پر برا اثر پڑے گا۔ کیونکہ اس صنعت کی وساطت سے بالواسطہ یا بلاواسطہ آنے والے ٹیکس بند ہو جائیں گے۔ جنس انسان کی ایک بنیادی ضرورت ہے۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو ناگزیر وجوہات کی بنا پر شادی کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ وہ لوگ اپنی جنسی تسکین طوائف کے کوٹھے پر آسانی سے کر لیتے ہیں۔ طوائف کے پیشے کو بند کرنے سے ایک طرف مذکورہ بالا لوگوں کے لیے نفسیاتی مسائل پیدا ہوں گے جو کہ معاشرے کے لیے خطرناک ہو سکتے ہیں اور دوسری طرف حکومت کی آمدنی متاثر ہوگی جو کہ ان کے لائسنسوں اور ٹیکسوں کی صورت میں وصول ہوتی ہے۔ میں پوچھتا ہوں، ہمارا ملک جہاں پہلے ہی اتنی زیادہ بے روزگاری، افراط زر اور بیرونی ممالک کے قرضہ جات کی بہتات ہے، مزید اتنے سارے لوگوں کو بے کار کر کے اور ٹیکسوں کی آمدنی کو کم کر کے کس طرح چل سکتا ہے؟"

یہاں تک تو وہ صاحب سنجیدگی کے ساتھ حقائق و نتائج پر روشنی ڈال رہے تھے لیکن اب انھوں نے جذباتی ہوتے ہوئے فرمانا شروع کیا "یہ کہاں کا عدل اور کیسا انصاف ہے کہ ایک چیز آپ کے پاس ہے یا کوئی شے آپ خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں لیکن آپ اسے خرید نہیں سکتے۔ میں تو اسے انسانی بنیادی حقوق پر سراسر ڈاکہ کہوں گا۔ مثلاً لباس کا مسئلہ لو۔ کہا جاتا ہے کہ ہر مرد اور عورت کو سادہ لباس پہننا پڑے گا۔ تو پھر ہماری بیگم اور ہمارے بچوں کے سینکڑوں اعلیٰ درجے کے سوٹ کہاں جائیں گے؟ یہ کیا زندگی ہوئی کہ ایک طرف ہم جیسے اعلیٰ افسر شلوار قمیض پہنے ہوں اور اس کے ارد گرد پچاس چپڑاسیوں نے بھی شلوار قمیض ہی پہن رکھی ہو۔ ان میں اور ہم میں پھر فرق کیا رہ گیا؟ کیا چالیس سال ہم نے اسی لیے دن رات محنت کی اور اپنے افسروں کی خوشنودی کے لیے پاپڑ بیلے تھے کہ جب ہماری باری آئے تو سب برابر ہو جائیں؟ پچھلے تیس پینتیس سال ہم اپنے صاحبوں کے سوٹوں کے رنگوں اور اسٹائلوں کو بڑے ذوق و شوق کے ساتھ اپنے ذہن میں سجاتے رہے۔ اب وہی سوٹ جو کہ ہمارے تیس سالوں کے خوابوں کی تعبیر ہیں، [illegible] ہم نے بڑا پیار سے رکھا ہے، ہمارے جسم کی بجائے الماریوں کی زینت بنیں گے۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ یہ کبھی نہیں ہوگا۔ ہم یہ کبھی نہیں ہونے دیں گے۔ یہ ہمارے حقوق کا مسئلہ ہے۔ ہم اپنے حقوق کے حصول کے لیے آخری دم تک لڑیں گے۔ بات صرف ہم پر یا ہمارے حقوق پر ہی ختم نہیں ہو جاتی۔ وہ تو ہماری بیگم صاحبہ کی آرائش و زیبائش، ہماری بچیوں کے جہیز اور بچوں کے مستقبل پر بھی ڈاکہ ڈالنے کی سوچ رہے ہیں۔ آج کل تو کلرکوں کو بھی "کلرک بادشاہ" کہا جاتا ہے۔ ان کی آمدنی کے ذرائع کئی گنا ہو چکے ہیں۔ ہمارے زمانے میں یہ بات نہ تھی۔ ہمیں افسروں کے ہاتھوں کی طرف دیکھنا پڑتا تھا۔ لہٰذا ہماری بیگم نے پچھلے بیس سال تنگی ترشی میں گزارے۔ اگر کسی سائل نے اپنی خوشی سے کچھ دے دیا تو اور بات تھی ورنہ وہ لوگ زیادہ افسروں سے رابطہ قائم کرتے تھے۔ ہم اپنی بیگم کی بہت سی فرمائشوں کو ٹالتے رہے۔ اب جبکہ ہم ان کی ہر فرمائش پوری کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں، ہر صنعت کار، ٹھیکیدار اور ماتحت ہمیں بتائے بغیر ہماری بیگم کی ہر فرمائش کو پورا کرنا اپنی سعادت سمجھتا ہے تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ ہمیں سادگی اختیار کرنی چاہیے بلکہ کرنی پڑے گی۔"

پھر موصوف نے سوچ میں ڈوبے ہوئے جیسے وہ بہت دور کہیں ماضی میں کچھ ڈھونڈ رہے ہوں بڑی دھیمی اور پرسوز آواز میں کہنا شروع کیا "تم جانتے ہو جب ہماری شادی ہوئی تو ہماری بیگم جہیز کے طور پر [illegible] لائیں۔ ہماری والدہ ماجدہ نے (اللہ تعالیٰ انھیں جنت عطا فرمائے) جب تک بقید حیات رہیں، ہماری بیگم کا اسی وجہ سے ناک میں دم کرتی رہیں۔ تب سے ہم نے اپنے دل میں عہد کر لیا تھا کہ ہم اپنی بچیوں کو یہ طعنہ نہیں سننے دیں گے۔ لہٰذا ہم نے اپنی بچیوں کے جہیز کے لیے ایک سو ایک قیمتی کپڑے کے جوڑوں سے لے کر فریج، ایئر کنڈیشنر، ٹی وی اور کار تک جمع کر رکھی ہے۔ اور یہ لوگ اب ہم سے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم اپنی بچیوں کی شادیاں بغیر جہیز کے ساتھ کریں۔ نہیں نہیں یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ یہ سراسر ظلم ہے۔" ہم اپنا چہرہ [illegible] کر ان کی باتیں سن رہے تھے۔

ابھی ہم [illegible] کر رہے تھے کہ ان کا ایک [illegible] ان کے پاس آیا جو شاید کسی [illegible] میں تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ [illegible] بول سکتا تھا اور نہ صحیح انگریزی [illegible] کے بعد انھوں نے دوبارہ گفتگو شروع کی۔ کہنے لگے "جب میں اس کی عمر کا تھا تو میں نے میٹرک پاس کر لیا تھا۔ اس سے زیادہ تعلیم دلانا میرے والدین کی استطاعت میں نہیں تھا۔ لہٰذا مجھے نوکری کرنی پڑی۔ ہمارے سامنے والی کوٹھی میں رہنے والے جج صاحب کے سارے بچے، میرے ہم عمر یا مجھ سے چھوٹے، سب کے سب اعلیٰ عہدوں پر فائز ہو گئے۔ کیونکہ وہ سب کے سب انگریزی اسکول کے پڑھے ہوئے تھے۔ ہم گھسٹتے گھسٹتے چالیس سال میں جہاں پہنچے ہیں وہ وہاں چار پانچ سال میں پہنچ گئے تھے۔ ہماری نظر جب بھی اس کوٹھی اور اس کے رہنے والوں پر پڑتی ہمارے دل سے ایک آہ نکلتی۔ کبھی ہمیں اپنے آپ سے نفرت ہونے لگتی اور کبھی اس کوٹھی پر غصہ آتا۔ عمر گزرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے جذبات میں سکون آ گیا اور ہماری سوچ نے نیا رخ اختیار کر لیا۔ ہم نے سوچنا شروع کیا کہ جو ہم خود حاصل نہیں کر سکے وہ ہم اپنے بچوں کو مہیا کریں گے۔ لہٰذا ہم نے اپنے تمام بچوں کو انگریزی اسکول میں تعلیم دلانا شروع کی۔ لیکن اب ہر طرف شور ہو رہا ہے کہ انگریزی کی جگہ اردو کو حکومت کے اعلیٰ ترین درجوں تک رائج کیا جائے۔ انگریزی قسم کے اسکولوں کو قومیا کر ان میں عام اسکولوں جیسا نصاب تعلیم جاری کیا جائے۔ اگر یہ سب کچھ ہو گیا تو ہم نے جو ان اسکولوں کو بھاری فیسیں ادا کی ہیں ان کا کیا حاصل؟ اور ہمارے بچوں کی بہترین انگریزی کا کیا فائدہ؟ یہ سب کچھ جذباتیت ہے، جاہلیت ہے۔ ہمارا ترقی یافتہ ممالک سے رابطہ ختم ہو جائے گا۔ ہم انگریزی زبان کے جانے علمی خزانے سے بے بہرہ ہو جائیں گے اور ہم علمی، سائنسی اور صنعتی ترقی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ جائیں گے۔" ▲▲

شہزادہ

استاد ذوق سے بادشاہ نے کہا کہ آپ نہ جانے کس طرح شعر کہتے ہیں کہ [illegible] نہیں ہوتی اور شعر ہو جاتا ہے۔
استاد نے پوچھا: تم کس طرح شعر کہتے ہو؟
[illegible] نے جواب دیا: ہم فاعلات [illegible] پر بیٹھ جاتے ہیں۔ پاس حقہ رکھا ہوتا ہے۔ کبھی [illegible] ایک طرف کروٹ لیتے ہیں، کبھی دوسری طرف۔ اس طرح شعر ہو جاتا ہے۔
استاد [illegible]: تو تم شعر کہتے نہیں، شعر جنتے ہو۔

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبار عنوان)

ایمان و کفر

ہم تو پائے جاناں پر کر بھی آئے اک سجدہ
سوچتی رہی دنیا کفر ہے کہ ایمان ہے
— مجروح سلطان پوری

•

میری ہستی گواہ ہے کہ مجھے
تو کبھی وقت بھولتا ہی نہیں
— فانی

•

جگ میں آ کر ادھر ادھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا
— میر درد

•

نہ کہیں جہاں میں اماں ملی جو اماں ملی تو کہاں ملی
مرے جرم خانہ خراب کو ترے عفو بندہ نواز میں
— اقبال

•

جو سر بر تری تصویر پہ سینے سے لگی
کفر آیا تو ترے عشق کو اسلام آیا
— اشرف

•

ان کا عارض دیکھ کر زلف پریشاں دیکھ کر
آ رہا ہوں اتحاد کفر و ایماں دیکھ کر
— فیض [illegible]

•

ہے شان امتیاز کو دیکھو کہ اہل کفر
مومن مجھے سمجھتے ہیں خود دیکھ کر
— مولانا محمد علی جوہر

•

سبز خوابوں کی سرزمین

یہ سبز خوابوں کی سرزمیں
جو دہکتے جذبوں کا اک سمندر بنی ہوئی ہے
ستم کی سمتوں کو جانے والے جہازوں کی وفا کا ساحل بنی ہوئی ہے
تمام رستوں کی ایک منزل بنی ہوئی ہے

لہو میں لتھڑی ہوا نے
پیشانیوں پہ کتنے عجیب منظر رقم کیے ہیں
ہرے عقیدوں کی دستوں میں سروں کے لاکھوں علم کھلے ہیں
جو اہل دل تھے وہ آج اہل الم ہوئے ہیں

جنوں کا یہ خطہ مجسم
جسے محبت کی آزمائش نے ظلم کی عبرتوں کا مرقد بنا دیا ہے
یقیں کی عظمت نے اس کے آنگن کو ایک معبد بنا دیا ہے
ہر ایک ذرے کو خاک امجد بنا دیا ہے

قدم قدم کامراں دنوں کی منیر آنکھوں میں
سرخرو جاں نثاریوں کے کئی شگوفے مہک رہے ہیں
بشارتوں سے بھری دعاؤں کے جام جیسے چھلک رہے ہیں

— اجمل نیازی

خواتین کی محفل

ناخنوں کو نوکیلے کیجیے

کچھ ناخنوں کے رنگوں کے بارے میں

منزہ شفیق

ناخن ایک خوبصورت ہاتھ کا تاج ہیں خوبصورت ہاتھوں میں ناخن اس کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیتے ہیں۔

ضرورت یہ ہے کہ وہ کھردرے نہ ہوں، بدوضع سے ابھرے اور مڑے ہوئے نہ ہوں۔ ان کے ارد گرد نئی نئی کاٹھیں نہ ہوں۔ وہ مچھلی کے چھلکے کی طرح شفاف اور سیپ کی طرح چمکدار ہوں۔ ان کی رنگت قدرتی ہلکی گلابی یا کم از کم بادامی رنگ ہو۔

اب اگر غور سے دیکھا جائے تو ناخنوں کی شکل، رنگت اور چمک یہ تینوں چیزیں زیر بحث آتی ہیں۔ بالوں کا مادہ اور ناخنوں کا مادہ ایک ہی ہے، یعنی دونوں کی پیدائش جسم انسانی میں ایک ہی مادہ سے ہوتی ہے۔ ناخنوں کی شکل و بناوٹ سے انسان کے جسم کی تندرستی کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ ایک مشاق طبیب صرف ناخن دیکھ کر آپ کے بعض امراض بتا سکتا ہے، آپ کے مزاج کو پہچان سکتا ہے، یعنی سب سے زیادہ ناخن صحت اور بیماری کی چغلی کھاتے رہتے ہیں۔

ناخنوں کو تراشنا ایک عورت کے لئے بڑی توجہ اور چابکدستی کا محتاج ہے۔ ان کی تراش ایسی ہو جو عورت کی جا سکتی ہے اور بد صورت بھی۔ آج کل ان کو نوکیلا شکل میں طوالت دی جاتی ہے ان کو تیز رکھا جاتا ہے۔ اور رنگوں سے رنگین بنایا جاتا ہے۔ ان کا تصور ...کے ذہن میں کسی کشش کا باعث نہیں ہے بلکہ ... دیکھ کر کچھ خوف دہراس کا تجربہ ہوتا اور ... کی سی پیدا ... ہے، کر ان سے دور رہنا ہی پسند کیا جاتا ہے ... آپ

ان تیر و نشتر سے ناخنوں کی تراش خراش سے بچیے۔ یہ صرف ان خواتین کو کسی قدر راس آتے ہیں، جنہیں گھر کا کوئی کام کاج نہ ہو۔ جو بچوں کی حفاظت اور تربیت سے بے نیاز ہوں اور جو اپنے معاشرہ کے آداب بالا ئے طاق رکھ چکی ہوں۔ جو صرف نرم میں نوشتہ اور جزائر میں کھانا کھا سکتی ہوں۔

تیر و نشتر انداز کے ناخن کوئی زیادہ خوبصورت یا جاذب نظر نہیں ہیں۔ یہ صرف مغرب کی اندھی تقلید ہے۔ ناخنوں کو سلیقے سے صاف رکھیے۔ ان کو ترتیب سے تراشیے۔ بہت لمبے لمبے ناخن بدسلیقگی کی علامت ہیں۔

ناخنوں کو صاف ستھرا رکھنے کے لئے آلات کا کوئی لمبا چوڑا سیٹ درکار نہیں ہے۔ صرف تین چیزیں، ایک نہایت عمدہ قسم کی قینچی، ناخنوں کے لئے ایک تیز سی ریتی اور ایک چھڑے کے غلاف والی صافی۔ لیکن اگر ناخن جڑ کے پاس سے انگلی کی جلد میں بری طرح جڑے اور پھنسے ہوئے ہوں تو جلد اور ناخن کو علیحدہ ہٹانے بٹھانے کے لئے ایک نارنجی لکڑی درکار ہوگی جو چھری دار جلد کو جہاں جہاں ضرورت ہو ناخنوں سے علیحدہ کر کے پیچھے ہٹا دیا کرے۔

ناخنوں کو تراشنے کی تیاری کے لئے انگلیوں کو چند منٹ تک گرم پانی میں جس میں ذرا صابن گھلا ہو ترکیجئے۔ اگر زیادہ خراب ہوں تو اس پانی میں دو چار قطرے سرکہ کے اضافہ کر لیں۔ اس میں ایک دو منٹ ناخن رکھنے سے انہیں صحیح طریقے سے جس طرح آسانی سے تراشا جا سکتا ہے۔ اور ریتی کے استعمال سے ان میں ہمواریت پیدا ہو جاتی ہے۔ ناخنوں کو خوبصورت بیضوی قوس کے انداز پر تراشنا چاہیے۔ ناخنوں کے تراشنے کے بعد جب کہ وہ ابھی گرم پانی، صابن اور سرکہ کے اثر سے متاثر ہوں، چھری دار جلد کو ناخنوں کی جڑوں کے پاس سے آہستگی سے پیچھے ہٹا کر درست کریں ...

جلد اور ناخن کے ملاپ کی جگہ کو درست رکھنا انہیں پرے ہٹانا، ہاتھ کے انگوٹھے کی مدد سے یا کسی بلنٹ قلم کی نب سے جو بنا ہوا اور جسے اسپرٹ میں صاف کر لیا ہو، یا اس وضع کے کسی اوزار سے بڑی چابکدستی اور ملاطفت کی بات ہے۔

ناخنوں کو چمکانے والے سفوف بھی استعمال کیے جاتے ہیں، مگر خیال رکھیے کہ ان کا گہرا رنگ جو مصنوعی رنگ بخشتا ہے بڑا بھدا اور بیہودہ ہوتا ہے۔ اس کا زیادہ استعمال ناخنوں کو موٹا کر دیتا ہے ان کی نزاکت تباہ کر دیتا ہے۔ ایسے سفوف زیادہ سے زیادہ ہفتے میں ایک دو بار استعمال کریں۔

ناخن زیادہ خراب ہوں تو صبح ہاتھ منہ دھونے سے پانچ منٹ قبل لیموں کا رس ناخنوں پر مل دیں

اگر ناخن بہت سخت اور کمزور ہوں اور ٹوٹ جاتے ہوں تو جیسے ہی کریم ان پر لگا دیجیے ... سے کام لیجیے یا روغن بادام لگا کر سو جائیے۔ اگر ناخن زیادہ نرم و نازک ہوں، تو موم کو پگھلا کر اس میں ذرا سی پھٹکڑی ڈال دیجیے ... اس مرکب کو رات کو ناخنوں پر مل دیا کریں۔ اگر ناخن زیادہ خراب ہوں تو صبح ہاتھ منہ دھونے سے پانچ منٹ قبل ایک لیموں کا رس ناخنوں پر مل دیں، اور پھر ... منٹ بعد نیم گرم پانی اور صابن سے ہاتھ منہ دھو ڈالیں۔ اور کبھی کبھی پانی میں سہاگہ تحلیل شدہ کی ایک چٹکی ڈال کر ہاتھوں کو دھونا مفید عمل ہے۔

جن ناخنوں پر سفید سفید نقطے معلوم ہوں یہ انہیں بہت بدنما کر دیتے ہیں۔ یہ علامت ہے کہ غذا دینے والی رگوں میں ... ٹھیک کام نہیں کر رہیں۔ غذا میں اور معالج سے متعلق فکر کیجیے۔

اگر ناخن کھیلا جائے تو گرم پانی میں دھو کر گرم مرہم ... گرم رکھیں ... نیلا یا سیاہ ہونے سے بچایا جا سکتا ہے۔

ناخنوں کو صاف رکھیں۔ نیلے ناخنوں اور ان پر بھدے رنگوں سے احتراز کریں یاد رکھیے کہ خوبصورت ناخن اچھی صحت کی علامت ہوتے ہیں۔

پکوان

انڈوں کی فیرنی

سامان:-

انڈے ۴ عدد، چاول ۱ پاؤ، دودھ آدھا سیر، چینی آدھا پاؤ، پستے ۱۰ عدد، بادام ۵ عدد، ورق، حسب ضرورت۔

ترکیب:-

چاولوں کو دو گھنٹے تک کے لیے بھگو دیں، پھر سل پر باریک پیس لیں۔ پستے اور بادام کو گرم پانی میں بھگو کر چھلکے اتار دیں۔ پھر ہوائیاں کاٹ لیں۔ انڈوں کو توڑ کر زردی سفیدی الگ کر لیں۔ سفیدی کسی اور کام میں لے آئیں۔ کیگر میں صرف زردی ڈالیں۔ زردی کو خوب پھینٹ لیں۔ اب دودھ کو آگ پر رکھ دیں، پھر اس میں پسے ہوئے چاول ڈال دیں۔ چمچہ برابر چلاتی رہیں جب دودھ کھیر کی طرح گاڑھا ہو جائے تو اس میں انڈے بھی ڈال دیں۔ دو چار منٹ پکا کر اس میں چینی بھی شامل کریں۔ جب چینی گھل جائے تو فیرنی آگ پر سے اتار لیں۔ فرش میں یا پیالوں میں نکالنے کے بعد اوپر سے پستے بادام کی ہوائیاں چھڑک دیں اور ورق لگا دیں۔

ڈاکٹر سعید ماڈل ٹاؤن لاہور

انڈوں کی پوریاں (مسلمان کا پکوان)

اشیاء:-

انڈے ۵ عدد، میدہ آدھ پاؤ۔ دودھ ایک کپ چینی حسب ضرورت۔ گھی تلنے کے لیے۔

ترکیب:-

سب سے پہلے انڈوں کو خوب پھینٹیں جب ایسی طرح جھاگ جھاگ ہو جائے تو اس میں میدہ چھان کر ڈالیں اور چینی میدہ پھینٹتے وقت اس میں تھوڑا تھوڑا کر کے دودھ شامل کرتی جائیں پھر الگ کرکے پتلا سا آمیزہ بن جائے گا۔ اب فرائی پان یا توے پر گھی ڈالیں جب گھی گرم ہو جائے تو فرائی پان میں یہ آمیزہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر پھیلائیں جب پوری جتنا سائز ہو جائے تو تل لیں۔ گھی میں ایک طرف کا حصہ پلٹ دیں آنچ ہلکی رکھیں۔ اس طرح پوریاں بنائی جاتی ہیں۔

نازسلیم حبیبی ماڈل ٹاؤن لاہور

قارئین نوٹ فرمالیں کہ کینیڈا میں ڈاک کی ہڑتال کے امکانات ہیں۔ اس لیئے اگر اخبار دیر سے پہنچے تو ہم معذرت چاہیں گے۔

اردو ڈائجسٹ

ستمبر کا اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے ہمیں لکھیئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00, Postage 45c Extra

اپنے چیک Techno Pak کے نام لکھیئے اور اس پتے پر بھیجیئے:

Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario, Canada, M1W 2V2 (phones:(416) 497 9623, 493 4374)



THIS CHRISTMAS, MAKE SURE YOUR PARCELS ARRIVE IN TIME.

Don't disappoint your relatives and friends overseas.

To be certain, make sure parcels are securely wrapped and strongly tied. Write the addresses legibly on at least two sides. And be sure you include the Postal code on your return address. Check at your Post Office for the correct postage. And, mail them early!

Overseas Mail Deadlines are:

Destination	Parcel Post by air	Parcel Post by surface
الشیاء	۲۴ نومبر	۱۳ اکتوبر

Last dates for Canada-bound greetings are: DEC.13 (out of town) **DEC.17** (in town)

پندرہ روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

پاکستانی سفارت خانے سے ایک گذارش

بارہ سال پیشتر جولائی کی ایک تپتی دوپہر کو ایک نوعمر کالج گریجویٹ پاکستان میں پاسپورٹ آفس کے سامنے ایک لمبی قطار میں کھڑا اپنے صبر کا امتحان لے رہا ہوتا ہے۔ جونہی اس کی باری آتی ہے دفتر کا چپراسی اسے دھکا دے کر پیچھے دھکیل دیتا ہے کہ صاحب بہادر لنچ پر چلے گئے ہیں۔ دوسرے روز دفتر پھر کھلے گا۔ اور وہ نوعمر دوبارہ دوسرے روز کی تپتی دوپہر اور لمبی قطار کے تصور سے کانپ جاتا ہے۔ لیکن بالآخر دوسرے یا تیسرے روز صاحب بہادر اس کے کاغذات داخل دفتر تو کر لیتے ہیں مگر اس کے بعد دفتری کارروائیوں کا ایک سلسلہ لامتناہی اس نوعمر ذہن پر اپنے ملک کی "بیوروکریسی" کے متعلق جو تلخ تاثرات چھوڑ جاتا ہے وہ آج بھی اسے مجبور کر رکھے دیتے ہیں مگر اب وہ شخص نوعمر نہیں رہا زمانے کی ستم ظریفیوں نے اسے ایک پردیسی بنا دیا ہے۔

اب بارہ سال بعد وہ پردیسی اچانک ٹورانٹو کے رائل یارک ہوٹل جا نکلتا ہے جہاں پاکستان کے قونصل عارضی طور پر فرائض انجام دے رہے ہوتے ہیں۔ مگر یہاں پر اس عارضی پاسپورٹ دفتر کی دنیا ہی نرالی ہے۔ نہ صاحب بہادر کی اجارہ داری ہے دھکے دینے والا چپراسی ہے اور نہ ہی دفتری کارروائیوں کے پیچ و خم بلکہ سرکاری عہدہ داروں کی مروت خوش اسلوبی، حسن سلوک اور مستعدی سے شرمندہ کر پاکستانیوں سے انسانوں کا سا برتاؤ دیکھ کر اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آتا۔ سفارت خانے کے معزز افسر جناب بارک رضا علی اور جمیل صاحب جس جانفشانی سے کام کر رہے ہوتے ہیں وہ یقیناً قابل ستائش ہے۔ اور وہ پردیسی یہ سوچتا چلا گیا کہ کاش جانے سمٹ جائیں۔ اس چھوٹے سے کمرے کی خوشگوار فضا اور اس فضا کی ساری مہک پاکستان کی سرزمین پر پہنچ کر ہر سرکاری اور نیم سرکاری ادارے کو اپنی بانہوں میں سمیٹ لے!

اگر نیک نیتی سے جدوجہد کی جائے تو پاکستان اپنی تمام مشکلات سے نکل کر دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف اول میں شامل ہو سکتا ہے۔ رائل یارک ہوٹل میں پاکستانی قونصل کی مثال اس حقیقت کا اشارہ ہے کہ

اگر ہم چاہیں تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

موسم سرما کے ساتھ ہی چھٹیوں میں وطن لوٹنے والوں کی تعداد بھی بڑھ جاتی ہے۔ اس دور دراز دیس میں دیکھا گیا ہے کہ بہت سے پاکستانی اپنے سفر سے متعلق ایک اہم سوال اٹھاتے ہیں اور ان سفارتی نمائندوں سے اس کے متعلق استفسار کرتے ہیں۔ ہم بھی ان سطور میں اس سوال پر تبصرہ کریں گے۔

یہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں کہ یورپ اور شمالی امریکہ کے امیگریشن حکام پاکستانیوں کو داخلے کے وقت کس طرح تنگ کرتے ہیں خصوصاً انگلستان میں داخلے کے وقت ہر پاکستانی کو بنیادی طور پر غیر قانونی تصور کیا جاتا ہے (یاد رہے کہ پاکستانیوں کو غیر قانونی طور پر داخل کرنے والی تنظیموں کے سربراہ خود انگریز ہی ہوتے ہیں) پاکستانی پاسپورٹ کو شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اگر وہ پاکستانی ہر لحاظ سے داخلے کی شرائط کو پورا بھی کیوں نہ کرتا ہو تو بھی اس سے اس کا شجرۂ نسب یا انگلینڈ میں اس کے گھر کی کھڑکیوں کا رنگ پوچھے بغیر چھٹکارا نہیں۔ ان ہی مجبوریوں کے پیش نظر تارکین وطن نے اپنی حکومت کو مجبور کیا تھا کہ انہیں دوہری شہریت کا اختیار دیا جائے تاکہ سفر کرتے وقت وہ امیگریشن حکام کی بدسلوکیوں کے ان فرشتوں کے قہر سے بچ سکیں۔

ملک کے نامساعد حالات سے مجبور ہو کر پاکستانی فکر روزگار میں دنیا کی خاک چھان رہے ہیں۔ اپنے معاشی تحفظ کی خاطر اگر وہ غیر ملکی پاسپورٹ پر سفر کرتے ہیں تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہو سکتا کہ وہ محب الوطن نہیں رہے بلکہ پاکستان سے ان کا خونی اور ابدی رشتہ محض پاسپورٹ کے چند اوراق بدلنے سے نہیں ٹوٹ سکتے۔ کیا یہ حب الوطنی ہی کے تقاضے نہیں کہ ملک کی کل آمدنی کا ایک چوتھائی زر مبادلہ غیر ممالک میں پاکستانیوں کے خون پسینے سے حاصل ہوتا ہے۔

کینیڈین حکومت کی تین سالہ قیام کی مدت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بہت سے پاکستانیوں نے یہاں کی شہریت لے لی ہے یا لے لیں گے۔ مگر ہمارے اندازے کے مطابق اکثریت اس پہلو سے لاعلم ہے کہ اگر وہ پاکستانی پاسپورٹ پر سفر نہیں کرتے تو وہ پاکستان میں کس قسم کی مراعات سے محروم رہ جائیں گے۔

ہم کینیڈا میں پاکستانی سفارت خانے کے حکام سے یہ التماس کریں گے کہ وہ کریسنٹ انٹرنیشنل کے ذریعے اس اہم موضوع پر روشنی ڈالیں تاکہ پاکستانیوں پر دوہری شہریت کا یہ پہلو واضح ہو سکے۔

حسنی (ٹورانٹو)

یہ خون کس کی گردن پر؟

سابق حکمران پارٹی کی تحریک پر لاہور میں جن دو افراد نے مٹی کا تیل چھڑک کر خود سوزی کی کوشش کی تھی، ان میں سے ایک زخموں کی تاب نہ لا کر ہسپتال میں چل بسا ہے، اور دوسرے کی حالت بھی نازک بیان کی جاتی ہے۔ کسی بھی انداز میں انسانی جان کے ضائع اور شوری اتلاف سے بڑا سانحہ کوئی نہیں ہو سکتا۔ لیکن اس المیہ کے سلسلے میں یہ سوال پیدا ہونا بھی ایک قدرتی بات ہے کہ اس بدقسمت نوجوان کا خون کس کی گردن پر ہے؟ پارٹی ترجمان نے تو اس المناک سانحہ کو بھی ایک اور شورش کا عنوان بنا لیا ہے کہ جل مرنے والا "قائد پر نثار ہو گیا"۔ لیکن یہ فی الواقع قربانی و ایثار اور نثار ہونے کا معاملہ ہے تو پھر قائد کی دختر مس بے نظیر اور پارٹی میں فی الوقت منصب سے اہم عہدیدار نواب فاروق لغاری خود یہ راستہ کیوں اختیار نہیں کرتے؟ اور نام نہاد ایکشن کمیٹی بنانے والے سازشی و تخریبی ذہن اپنے بجائے دوسروں کے چشم و چراغ کیوں گل کرنے کے درپے ہیں؟ کیا اب بے نظیر بھٹو یا فاروق لغاری اپنے کروڑوں روپے کے اثاثوں سے اس بدقسمت نوجوان کے کم نصیب بیوی بچوں اور ماں باپ کی کفالت کی ذمہ داری بھی قبول کریں گے؟ اور لاکھوں روپے کا جو فنڈ "جلاؤ، چھڑاؤ" کے اس مشغلے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے اس کا کچھ قابل ذکر حصہ "قائد پر نثار" ہونے والے کے لواحقین کو بھی پیش کیا جائے گا؟

صدارتی نامہ نوائے وقت لاہور

ہائی اوئی ناگرس گھسن ناووسن!

جیسے ہمارے ہاں مرنے جینے کی رسمیں بھی عجیب ہیں۔ شادی بیاہ کی رسمیں گنوانے بیٹھ جائیں تو اس کے لئے دفتر درکار ہوں گے۔ حادثات ہی سے اگر چند مخصوص رسموں کی نشاندہی کی جائے تو شاید بعض لوگ اس پر یقین ہی نہ کریں مثلاً پنجاب کے بعض دیہات میں شادی بیاہ کی ایک رسم تو یہ ہے کہ دولہا جب بارات لے کر دلہن کے گھر پہنچتا ہے تو جب پہرے دلہن کی رشتہ دار خواتین بارات کو کیا قاعدہ فحش گالیاں دیتی ہیں۔ اور انہیں دو دو شے وار کی ہیں۔ لیکن یہ شیرینی سمجھ کر برداشت کی جاتی ہے گالیاں سن کر بھی مزا چکھتی ہوتے۔ بلکہ گزار شاد ہنستے ہوئے گھر میں داخل ہوتے ہیں۔ اور نکاح وغیرہ کے بعد دلہن کو ڈولی میں رخصت کر کے چلتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں وہ دوبارہ حال پوچھ جاتے ہیں کہ اب بیٹھ کے گالیاں دیتے رہو۔

اور جہاں تک مرگ وغیرہ کے موقع پر ادا کی جانے والی رسوم کا تعلق ہے وہ بھی خاصی عجیب و غریب ہیں مثلاً پنجاب ہی کے بعض دیہات میں ایک رسم یہ ہے کہ اگر کوئی بوڑھا آدمی مر جائے تو اس کے مرنے کی خوشی میں ایک تقریب منعقد کی جاتی ہے جس میں عورتیں گالیاں بجا بجا کر

بڈھا مر گیا چاہئے
نیویں شان آ نشر کے

یعنی بڈھا جان چھوڑ کر چارپائی کے نیچے آ کر مر گیا۔ اچھا ہوا۔ اور جس جلسی کہ ہری بھری جاتی ہیں۔

جس پر باقی عورتیں بجل پر جھانی پیٹے ہوئے گہتی ہیں۔
"آ ہنی آ ہنی پیری ہو سٹہ۔"
یعنی "واری واری۔ یہ تو بہت ہے!"

یہ تھیں مرنے جینے کی رسمیں یاد آتی ہیں تو اس سے کر اقبال اسے

تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی

اور یہ شعر یہ موقع اگر ہمیں یاد آیا ہے تو اس لئے کہ سال اقبال ہے اور اقبال کا تعلیم اور حقیقا یاد کرنے سے اچھی ورزش کو اور بعد



شاید بار لوگوں نے اسے بھی "گھسی روایت" نگاری کی کوشش کرنی ہے لیکن یہ جو ہم نے کشمیری ہاتھوں کے ذکر کا ذکر چھیڑا ہے تو یہ ایک دیدہ دانستہ قسم کی حرکت ہے کیونکہ کشمیر سے ہم چلا کر پنجاب تک آ پہنچے ہیں کیونکہ ان دنوں دو ایک بلکہ بہت اخباروں میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ چند عورتیں کسی بزرگ کے مزار پر ماتھا ٹیکنے گئیں۔ جہاں انہوں نے اپنے ایک مصرعہ کی داد کی خاطر فرمائش کی۔ بلکہ اس موقع پر ان خواتین کی کوئی لیڈر سینہ کو بی کر کے ہم سے کہتی ہے دوں کی خدمات گنوا رہی ہے اور کہتی ہے کہ دیکھا وہ گھوڑے پر سوار ہوتا اور کشتی پر چلاتا تھا۔ جس پر باقی عورتیں بجل پر جھانی پیٹے ہوئے کہتی ہیں "واری واری۔ یہ تو بہت ہے!" اس کے بعد وہ منتشر ہو جاتی ہیں۔ اخبار کے روزنامہ جلسی کی تصویر اخبار میں شائع ہو جاتی ہے۔

اب اگر ہم نے پنجاب کے بعض دیہات کی رسمیں گنوائی ہیں تو کشمیر کے بارے میں بھی ایک رسم کا ذکر کرنے میں حرج نہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں والدین جب کسی لڑکی کو بیاہتے ہیں تو جب لڑکی سسرال جاتی ہے تو عورتوں کی مجلس ماتم برپا ہوتی ہے۔ اس موقع پر وہ کہتی ہیں "ہائی اوئی ناگرس گھسن ناووسن"

یعنی "ہائی وہ کیا وہ گھوڑے پر سوار ہوتا اور کشتی پر چلاتا تھا"

مومن و منافق

میاں عبدالرشید

مسلم اور کافر میں فرق حضور اکرم پر ایمان لانے یا نہ لانے کا ہے۔ اسی طرح مومن و منافق میں فرق حضور سے محبت و عقیدت رکھنے یا نہ رکھنے کا ہے۔ مومن کو حضور سب مخلوق سے زیادہ پیارے ہیں۔ حضور کا نام آتا ہے، تو اس کا سر ادب سے جھک جاتا ہے۔ اس کا قلب عقیدت سے بھر جاتا ہے۔ اس کی آنکھ محبت سے نمناک ہو جاتی ہے۔ اور اس کی زبان پر درود و سلام جاری ہو جاتا ہے۔ منافق کے سامنے حضور کا اسم گرامی لیا جائے، تو وہ درود و سلام نہیں پڑھتا۔ اس کے سامنے حضور کی شان بیان کی جائے، تو اسے تکلیف ہوتی ہے۔ اس کی موجودگی میں درود و سلام پڑھا جائے، تو اس کے چہرے سے ناگواری کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ دعوی حضور کے امتی ہونے کا ہے اور فعل یہ ہیں (نعوذ باللہ) حضور سے کد ہے۔ حضور کی عظمت کا بیان ہو، تو اسے یہ کہہ کر روکنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ اسلام میں پرستش کلٹ آف پرسنیلٹی (شخصیت پرستی) نہیں۔ خلفائے راشدین اور صحابہ کرام کی توصیف بھی اسی حذلقت کے تحت رد کی جاتی ہے، بلکہ ان کی شخصیتیں مسخ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ دوسری طرف یہی لوگ اپنے فرقہ کی شخصیتوں کی تعریف میں سب کچھ جائز خیال کرتے ہیں۔ جس کسی نے اسلام میں نیا فرقہ بنانے کی کوشش کی ہے اس نے ابتدا اس بات سے کی ہے کہ مسلمانوں کے دلوں سے حضور کی عقیدت کم کرے۔ کیونکہ اسی صورت میں اس کی دکان چمک سکتی ہے۔ اور یہی طریقہ ہے جو وہ اسلام کی من مانی توضیح کر سکتا ہے۔ اور اس توضیح کی آڑ میں اپنی باتیں اسلام کے اندر داخل کر سکتا ہے۔ شروع میں ان لوگوں کا لہجہ نرم ہوتا ہے، اس لیے بہت سے لوگ ان کی بظاہر خدمت اسلام سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ لیکن جب ان کے گرد عقیدت مندوں کی خاصی تعداد اکٹھی ہو جاتی ہے، پھر یہ پر پرزے نکالنے شروع کرتے ہیں۔ اور ان کے دل کی چھپی باتیں نکل کر ان کی زبان پر آ جاتی ہیں۔

واللہ خیر الماکرین

قول مُحکم ہے کہ نیچر ہوگیا میرا امین
اور فلک کی ہے صدا واللہ خیر الماکرین
ہم خموشی سے تماشا دیکھتے ہیں دہر کا
دیکھنا ہے کون سچ کہتا ہے دنیا یا کہ دیں

—— اکبر الہ آبادی



فرمودۂ اقبال

اگر لہو ہے بدن میں تو خوف ہے نہ ہراس
اگر لہو ہے بدن میں تو دل ہے بے وسواس
جسے ملا یہ متاعِ گراں بہا اس کو
نہ سیم و زر سے محبت ہے نے غمِ افلاس



قائد اعظم نے فرمایا

پیرا زمان ہے کہ ہماری نجات اس اسوہ حسنہ پر چلنے میں ہے جو ہمیں قانون عطا کرنے والے پیغمبر نے ہمارے لئے بنایا ہے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی جمہوریت کی بنیادیں صحیح معنوں میں اسلامی تصورات و اصولوں پر رکھیں۔

شاہی دربار سبی بلوچستان ۱۴ فروری ۱۹۴۸ء

ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر مخرب اخلاق گانوں اور رقص و سرود پر پابندی

ٹیلی ویژن پر اشتہارات میں عورتوں کو پیش نہیں کیا جائیگا ، نیلام گھر میں ایکٹریسوں کو مدعو نہیں کیا جائیگا ، ۱۹ اکتوبر سے ریڈیو پر مغرب کی اذان نشر ہوا کرے گی ، ٹی وی پر ہر سال ماہ میں دو مشاعرے

شیخ الحدیث علامہ ابو البرکات سید احمد قادری انتقال کر گئے

انا للہ و انا الیہ راجعون



لاہور ـــــ نامہ نگار ـ نامور عالم دین اور شیخ الحدیث حضرت علامہ ابو البرکات سید احمد قادری رضوی آج یہاں وفات پا گئے انا للہ و انا الیہ راجعون ـ وفات کے وقت مولانا صاحب کی ...

مکتب فکر کے امام العصر اور نہایت جید عالم تھے آپ برصغیر پاک و ہند کے خاندان شاہ ولی اللہ سے نہایت قریبی علمی تعلق رکھنے والے علماء میں سے آخری دینی شخصیت تھے ...

سیاسی رہنماؤں کو اپنے خیالات پیش کرنے کا موقع دیا جائے گا : محمود اعظم فاروقی

اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھنے کے لیے ۱۷ اکتوبر سے ریڈیو اور ٹیلیویژن پر بالترتیب ۱۳ اور ۱۲ نئے اور بامقصد پروگرام شروع کیے جا رہے ہیں

ذرائع ابلاغ کے پروگراموں کو غیر شائستگی سے پاک کرنے کیلئے انقلابی فیصلوں کا اعلان

کراچی ـــــ (اے پی پی) وفاقی وزیر اطلاعات مسٹر محمود اعظم فاروقی نے ریڈیو ٹیلیویژن کے پروگراموں کو عریانیت اور غیر شائستگی سے پاک کرنے کے لیے دور رس انقلابی اقدامات کا اعلان کیا ہے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا موجودہ حکومت جمہوری مدت میں عوام کے لیے کوئی مثبت چیز فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے ان اقدامات کا مقصد ریڈیو اور ٹیلیویژن کے ایسے پروگراموں کی مکمل تمام کرنا ہے جو اسلامی ...

آئندہ چند ماہ میں لوگ خود اچھی تبدیلی محسوس کر لیں گے : پروفیسر غفور احمد

کراچی ـــــ (اے پی پی) وفاقی وزیر پیداوار پروفیسر غفور احمد ...

چین میں پاکستان کے نئے سفیر کا تقرر

اسلام آباد ـــــ (اے پی پی) وزارت خارجہ کے ایڈیشنل سیکرٹری مسٹر ... کو چین میں پاکستان کا سفیر مقرر کیا گیا ہے ...

محمد علی ۲۵ دسمبر کو پاکستان آئیں گے

ایک نمائشی مقابلے کے انتظامات شروع کر دیے گئے

اسلام آباد ـــــ (اے پی پی) امریکی ہیوی ویٹ باکسنگ کے عالمی چیمپئن محمد علی نے پاکستان کے دورے میں باکسنگ کے نمائشی مقابلے میں حصہ لینے کی خواہش ظاہر کی ہے ... قوم کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اور وزیر مملکت کا عہدہ سنبھالنے پر ان کو مبارکباد دی ہے مسٹر جاوید ہاشمی محمد علی کی خواہش کے مطابق ضروری انتظامات کر رہے ہیں محمد علی ۲۵ دسمبر کو پاکستان آئیں گے اور ان کے کوچ مسٹر ... بھی ان کے ہمراہ ہونگے

جام شورو کے ہنگامے میں ملوث ۴ طلبا کو ایک ایک سال قید بامشقت اور دس دس کوڑوں کی سزا

حیدرآباد ـــــ ریڈیو پاکستان ، ایک فوجی عدالت نے جام شورو کے حالیہ ہنگامے میں ملوث ۴ طلبا کو ایک ایک سال قید بامشقت اور دس دس کوڑوں کی سزا دی ہے ...

حکام نے بتایا ہے کہ ہنگامے کے بعد جاتے واردات سے ... افراد کو حراست میں لیا گیا تھا جن میں سے ... افراد کو ابتدائی تحقیقات کے بعد چھوڑ دیا گیا ـ باقی ملزموں میں سے جو لوگ بے گناہ پائے جائیں گے انہیں چھوڑ دیا جائے گا ـ

THE NEXT ELECTION...

for municipal councils and school boards will be three weeks early this year. It will take place throughout Ontario on Monday, November 13, 1978.

اس سال میونسپل کونسل اور اسکول بورڈ کے لیے الیکشن تین ہفتے پہلے ہوگا ـ یہ الیکشن تمام انٹاریو میں بروز پیر ۱۳ نومبر ۱۹۷۸ء کو ہوگا ـ

اس سال الیکشن کے جلد واقع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ مردم شماری اور ووٹ دہندگان کی ابتدائی فہرست کی تیاری کا کام پہلے کے مقابلے میں کم وقت میں انجام پایا ـ اور فہرست پر نظر ثانی کے لیے میونسپل کلرک کے پاس مقرر کیا ہوا وقت بھی پہلے کے مقابلے میں کم تھا ـ

اس بات کا یقین کرنے کے لیے کہ آپ ۱۳ نومبر کو اپنا ووٹ صحیح پول پر حاصل کریں اور ووٹ دہندگان کی ابتدائی فہرستوں کا جائزہ لیجیے جو میونسپل کلرک جلد ہی مختلف جگہوں پر لگانے والے ہیں ـ اپنے اخبار میں اس کا اشتہار دیکھتے رہیے جس سے پتہ چلے گا کہ نظر ثانی کے لیے کب اور کہاں فہرستیں لگائی گئی ہیں ـ

SEPARATE اسکولوں کے حامی بھی ضرور ان فہرستوں کا جائزہ لیں ـ جس طرح آپ کے نام کی فہرستیں تیار کی گئی ہیں وہ نہ صرف یہ بتاتی ہیں کہ آپ کس اسکول کے ٹرسٹی کو ووٹ دے سکتے ہیں بلکہ یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ آپ کے ۱۹۷۹ء کے پراپرٹی ٹیکس کا تعلیمی حصہ کس تعلیم کے اسکولوں کیلئے ہے ـ

میونسپل کلرک کے پاس ایک فہرست ہے جس میں لوگوں نے اپنے اسکول ٹیکس کے بارے میں نشان دہی کی ہے ـ اس فہرست پر ۲۷ اکتوبر ۱۹۷۸ء تک نظر ثانی کی جا سکتی ہے ـ آپ کے اخبار میں اس سلسلے میں ایک اشتہار آئے گا جس سے اطلاع ہوگی کہ آپ اس فہرست کا کب اور کہاں جائزہ لے سکتے ہیں ـ

Ministry of Revenue

Ontario

جنرل ضیاء الحق ہنگاموں سے متاثر ہونیوالی شخصیت نہیں ہیں : بی بی سی

بھٹو کو جلاوطن کر کے پیپلز پارٹی کو انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دی جا سکتی ہے : گارڈین

لندن ـــــ (بی بی سی) برطانوی نشریاتی ادارے نے پاکستان کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جوں جوں پاکستان کے سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو کی سزائے موت کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کے فیصلے کا وقت قریب آ رہا ہے ... بی بی سی ...

... کا خیال ہے کہ سپریم کورٹ کی طرف سے بھٹو کی اپیل کا فیصلہ ایک ماہ کے اندر متوقع ہے ـ اگر سزائے موت بحال رکھی گئی تو صدر ضیاء الحق کو یہ حق ہوگا کہ اگر وہ چاہیں تو وہ سزا میں نرمی کر دیں ...

... کہ جنرل ضیاء ہنگاموں سے متاثر ہونے والی شخصیت نہیں ہیں ...

ڈاکٹر غلام حسین تمام الزامات سے بری کر دیے گئے

پیپلز پارٹی سے استعفیٰ دے دیا

پشاور ـــــ (اے پی پی) پیپلز پارٹی کے سابق وزیر ... نے پیپلز پارٹی سے استعفیٰ دے کر پاکستان مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کر لی ہے ـ

رومن اکھاڑوں کے لیے پیدا ہوا

حکومت ان خطرناک کے معاملے میں نرمی سے کام لے رہی ہے۔ یہ لوگ بھری سفاکی کے ساتھ یہ بات بھی کہتے تھے کہ جو لوگ ہیں گنوں کی بوچھاڑیں چھاتیاں کھولے آگے بڑھ رہے ہیں۔

ہی گارڈ بیٹھے ہیں اور اب اس کی لاش تڑپنے میں مشغول ہیں!

حکایات شہر

راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کے دو حامیوں نے گرفتاریاں پیش کیں

دکانداروں نے خوشہ گری کرنے والے پیپلز پارٹی کے حامیوں کی پٹائی کر دی

راولپنڈی میں ایک پریس فوٹوگرافر نے لوگوں میں آگ لگا کر فلاں بازیاں کھانی شروع کر دیں۔ پولیس نے آگ بجھا دی



ملزم محمد احسن راٹھور

ملزم مولوی محمد رفیق

بھارتی طیارہ اغوا کر کے پاکستان لانے والے چھ کشمیری باشندوں کو ایک ایک ماہ قید کی سزا سنا دی گئی۔

لاہور۔ نمائندہ خصوصی۔ اسسٹنٹ کمشنر چھاؤنی نے آج ایک بھارتی جیٹ طیارہ ہائی جیک کر کے پاکستان لانے کے جرم میں چھ ملزموں عبدالحمید، غلام نبی، عبدالرشید شاہین، غلام رسول، محمد رفیق اور محمد آصف کو ایک ایک ماہ قید کی سزا دی ہے۔ تمام ملزم جو مقبوضہ کشمیر سے تعلق رکھتے ہیں ایک عرصے سے جیل میں تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اپنے فیصلے میں لکھا ہے کہ ملزموں کے خلاف بلا پاسپورٹ پاکستان کی حدود میں داخل ہونے کا الزام

ملزم غلام رسول

ملزم سید عبدالحمید دیوانی

ملزم غلام نبی

ملزم عبدالرشید

پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے یقین دہانی کے برعکس یعقوب مسیح کو آگ بجھانے میں تاخیر کی

شدید زخمی حالت میں ہسپتال پہنچنے کے بعد کوئی اس کو پوچھنے تک نہ آیا۔ دوسرے زخمی کی حالت بھی نازک ہے

لاہور۔ نمائندہ خصوصی۔ پیپلز پارٹی نے اپنے مخصوص مقاصد کے لیے جن افراد کو خودسوزی کا نشانہ بنانے پر آمادہ کیا تھا ان میں سے ایک شخص عبدالرشید عاجز میو ہسپتال میں بے یار و مددگار پڑا ہے اور پیپلز پارٹی کے رہنما کارکنوں میں سے کسی نے بھی اس کو نہیں پوچھا۔

زاہد سرفراز جلد افغانستان جائیں گے

گروسری۔ سبزیاں۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

Golden Mile گولڈن مائیل

MOTORS LIMITED

گولڈن مائیل کی ۱۹۷۸ء ماڈل کی اپنی نمائشی گاڑیوں کی خاص کم قیمت سیل شروع ہے!

نئی یا پرانی گاڑیوں کی خرید کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجئے۔

ANWAR SHAIKH

TELEPHONE: 759-2201 - AREA CODE 416

1897 EGLINTON AVENUE EAST, SCARBOROUGH, ONTARIO

انتخابات جداگانہ بنیاد پر کرانے کے لیے قوانین نافذ کر دیے گئے

نئی قومی اسمبلی دو سو اٹھارہ نشستوں پر مشتمل ہو گی

پنجاب اسمبلی کی ۲۱۸، سندھ اسمبلی کی ۱۱۲، سرحد اسمبلی کی ۵۵ اور بلوچستان اسمبلی کی ۴۳ نشستیں ہوں گی

اسلام آباد — (اے پی پی) صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے آئندہ عام انتخابات کے سلسلے میں جداگانہ انتخابات کا اہتمام کرنے کے لئے ضروری قوانین نافذ کئے ہیں اور جداگانہ انتخاب نیز حلقوں کے طریق کار پر عمل درآمد کے لئے متعلقہ انتخابی قوانین میں بھی ترمیم کر دی گئی ہے۔ نئی قومی اسمبلی میں کل دو سو اٹھارہ نشستیں ہوں گی جن میں سے دو سو نشستیں مسلمانوں کے لئے، آٹھ اقلیتی فرقوں کے لئے اور دس نشستیں خواتین کے لئے مختص کی گئی ہیں۔ ان قوانین کے تحت پنجاب اور سندھ سے اقلیتوں کے تین تین نمائندے لیے جائیں گے جب کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان سے اقلیتوں کے لئے ایک ایک نشست رکھی گئی ہے۔ ترمیم شدہ قوانین کے تحت مسلمان ووٹر صرف مسلمانوں کے لئے مختص نشستوں کے لئے ووٹ ڈالیں گے جب کہ اقلیتی نشستوں کے لئے نمائندے اقلیتی فرقے کے لوگ براہ راست ووٹ کی بنیاد پر منتخب کریں گے۔ خواتین کی نشستوں کا انتخاب متناسب نمائندگی کی بنیاد پر ہو گا اس طریق کار کے تحت ایک صوبے سے منتخب ہونے والے ارکان اپنے صوبے کے لئے مختص خواتین کی نشستوں کے لئے نمائندوں کا انتخاب کریں گے۔ ایک پریس نوٹ کے مطابق صدر نے چار قوانین میں ترمیم کر دی ہے۔

اسمبلی میں مسلمانوں کے لئے چالیس اقلیتوں کے لئے ایک اور خواتین کے لئے چار نشستیں رکھی گئی ہیں۔

قومی اسمبلی میں مسلم نشستوں کے لئے صرف مسلمان ووٹ ڈالیں گے جب کہ ہر صوبائی اسمبلی اقلیتوں کے لئے مختص نشستوں کے لئے اقلیتی فرقے کے ارکان براہ راست ووٹ ڈالیں گے۔

سرحد اسمبلی میں مسلمانوں کے لئے ۸۰، اقلیتوں کے لئے ایک اور خواتین کے لئے چار نشستیں ہوں گی جب کہ بلوچستان ...

سیاسی سرگرمیوں پر پابندی کا سب سے زیادہ نقصان قومی اتحاد کو پہنچ رہا ہے

وفاقی حکومت مسائل کے حل کیلئے ہنگامی اقدامات کرے: نوابزادہ نصراللہ

پیپلز پارٹی سیاسی پابندیوں کی خلاف ورزی سے حکومت کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہے

لاہور — (وقائع نگار) پاکستان قومی اتحاد کے نائب صدر نوابزادہ نصراللہ خاں نے کہا ہے کہ عوام میں بڑھتی ہوئی مایوسی اور اضطراب کسی بھی لمحہ خطرناک صورت اختیار کر سکتا ہے۔ نوائے وقت سے ایک انٹرویو کے دوران نوابزادہ نصراللہ خاں نے آج ان حالات پر تفصیل سے روشنی ڈالی جو عوام میں مایوسی پھیلانے کا سبب بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت ان مسائل کا حل تلاش کرنے کے لئے فوری اور ہنگامی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی سرگرمیوں پر پابندی کا سب سے زیادہ نقصان قومی اتحاد میں شامل جماعتوں کو پہنچ رہا ہے ...

سیاسی سرگرمیوں پر سے پابندی ہٹانا اس وقت بھی ضروری ہے تاکہ قومی اتحاد کے لیڈر اور کارکن سیاسی پلیٹ فارم سے پیپلز پارٹی کی سرگرمیوں کا جواب دے سکیں۔ نوابزادہ صاحب نے کہا کہ قومی اتحاد سے باہر کی جماعتوں کو یہ وہم نہیں ہونا چاہئیے کہ پی این اے انتخابات سے گریزاں ہے۔ قومی اتحاد ہر وقت انتخابات کے لئے تیار ہے اور جب بھی اس سلسلے میں حکومت انتظامات مکمل کرے قومی اتحاد انتخابی اکھاڑے میں اتر آئے گا ... قوم نے جس طرح تحریک نظام مصطفےٰ میں قومی اتحاد کا ساتھ دیا تھا ایک بار پھر وہ قومی اتحاد کا ساتھ دے گی۔

بلوچستان کے عوام ملک کی نظریاتی سرحدوں کا پوری قوت کے ساتھ دفاع کریں گے: خان بلوچ داؤد خان

بلوچ اپنی بقا پاکستان کی سالمیت اور استحکام میں سمجھتے ہیں

ہر قسم کے تعصب سے بالاتر ہو کر پاکستانی قوم کے تشخص کو اجاگر کیا جائے

عوام کی اقتصادی حالت بہتر بنانے کیلئے موثر اقدامات کی ضرورت ہے: نوائے وقت سے خصوصی انٹرویو



کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) خان قلات (خان بلوچ) داؤد احمد خان نے کہا ہے کہ بلوچ سچے پاکستانی اور پکے مسلمان ہیں اور اپنی زندگی کی بقا پاکستان کی سالمیت و استحکام میں سمجھتے ہیں۔ نوائے وقت سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بنیاد اسلام ہے اور اس بنیاد کو قائم رکھتے ہوئے اور مضبوط بنا کر ہی پاکستان کو مستحکم اور خوشحال بنایا جا سکتا ہے ...

پاکستان کی سرحدوں پر پہنچ گیا ہے اور اب بلوچستان اس کی زد میں ہے لیکن بلوچستان کے عوام اور خاص طور پر بلوچ ملک کی نظریاتی سرحدوں کا پوری طرح دفاع کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس لئے قائم کیا گیا تھا کہ یہاں اسلامی نظام نافذ کیا جائے گا لیکن اکتیس برس گزرنے کے باوجود یہ مقصد پورا نہیں ہوا ...

... قوم کے تشخص کو اجاگر کیا جائے۔

پیپلز پارٹی کی قیادت غریب کارکنوں کو تشدد کی راہ پر لگا کر ان کے ساتھ ظلم کر رہی ہے: اصغر خان

پارٹی کی چیئرمین یا کوئی اہم لیڈر اپنے آپ کو کیوں آگ نہیں لگاتا؟

انتخابات کے التواء کے لیے کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا

گوجرانوالہ — (نمائندہ خصوصی) تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی تحریک چلانے کی کوشش قبل از وقت ہے اور پارٹی کے قائدین غریب کارکنوں کو تشدد اور خود سوزی کی راہ پر لگا کر ان پر ظلم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی کے قائدین مخلص ہیں تو پارٹی کی چیئرمین یا کوئی دوسرا لیڈر اپنے آپ کو آگ کیوں نہیں لگاتا۔ انہوں نے ملکی حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ملک کے پرانے اور فرسودہ نظام کو بدل نہیں دیا جاتا اس وقت تک ملک کی حالت نہیں بدل سکتی۔ انہوں نے کہا اگر موجودہ حکومت مخلص ہے تو ۹۰ روز کے اندر اندر انتخابات ہو سکتے ہیں ...

ائیر مارشل اصغر خان نے کہا کہ موجودہ حکومت کی غیر واضح پالیسی کی وجہ سے ملکی معیشت پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ فرسودہ نظام کی وجہ سے ... انہوں نے کہا اسلام ہر سیاسی جماعت کی اجارہ داری نہیں۔ تحریک استقلال مکمل اسلامی انقلاب برپا کرنا چاہتی ہے جس میں عوام کو تمام سہولتیں میسر ہوں ...

صدر جنرل محمد ضیاء الحق مستقبل قریب میں بھارت یا بنگلہ دیش جانے کا ارادہ نہیں رکھتے

روسی وزیر اعظم کے دورۂ پاکستان کی تاریخ ابھی طے نہیں ہوئی

اسلام آباد — (اے پی پی) سرکاری ذرائع کے مطابق صدر جنرل محمد ضیاء الحق مستقبل قریب میں بھارت یا بنگلہ دیش کے دورے پر جانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے ... بھارتی وزیر خارجہ مسٹر واجپائی نے اس سال فروری میں پاکستان کے دورے کے دوران صدر ضیاء الحق کو بھارت کے دورے کی دعوت دی تھی۔ بعد میں وزیر اعظم مسٹر مرار جی ڈیسائی نے اس دعوت کی تجدید کی۔

سردار سکندر حیات خاں کو قومی اتحاد کا سیکرٹری جنرل منتخب کر لیا گیا

قومی اتحاد کا وفد دو ایک روز میں صدر ضیاء الحق سے ملاقات کرے گا

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) پاکستان قومی اتحاد کا وفد مولانا مفتی محمود کی قیادت میں آئندہ دو ایک روز میں صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق سے ملاقات کرے گا۔ اس بات کا اعلان آج رات یہاں پاکستان قومی اتحاد کے نائب صدر نوابزادہ نصراللہ خان نے قومی اتحاد کی جنرل کونسل کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے کہا کہ جنرل ضیاء سے آزاد کشمیر کے مسئلے اور سیاسی سرگرمیوں پر سے پابندی ختم کرنے پر بھی بات چیت ہو گی ...

انہوں نے بتایا کہ قومی اتحاد میں شامل جماعتوں کے سربراہی اجلاس میں آزاد جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر سردار عبدالقیوم خان کو جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا تھا جس کی جنرل کونسل کو توثیق کرنا تھی ...

ہر سرکاری و نیم سرکاری مراسلے پر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھا جائے: صدر ضیاء کی ہدایت

راولپنڈی — صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے حکم دیا ہے کہ تمام سرکاری خط و کتابت کا آغاز اللہ کے پاک نام سے کیا جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ تمام سرکاری و نیم سرکاری مراسلوں کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم واضح طور پر لکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام قوم کے اس عہد کا اعادہ ہے کہ ملک ایک نظریاتی اساس پر وجود میں آیا ہے۔

امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد کا دورۂ بلوچستان

لاہور — (اے پی پی) جماعت اسلامی کے ایک پریس ریلیز کے مطابق امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد، نائب امیر مولانا جان محمد عباسی اور سیکرٹری جنرل قاضی حسین احمد کے ہمراہ بلوچستان کے چند روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔

لاہور میں پیپلز پارٹی کے حامیوں کی ہنگامہ آرائی، دو بسوں اور بلدیہ کے ٹرک کو آگ لگادی گئی

انارکلی کی دکانوں پر حملہ، داتا دربار کے نزدیک ایک اخبار کے دفتر کو نذرِ آتش کرنے کی کوشش

پیپلز پارٹی کے دو حامیوں کی جل مرنے کی کوشش پر ہنگامہ شروع ہوا

پولیس کو لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال کرنا پڑا

لاہور ——— (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی کے حامی افراد نے آج بھاٹی گیٹ، داتا دربار اور انارکلی کے علاقوں میں ہنگامہ آرائی کی، دو سرکاری بسوں اور بلدیہ لاہور کے ایک ٹرک کو آگ لگادی۔ انارکلی میں داخل ہو کر دکانوں پر شدید پتھراؤ کیا اور ان دکانوں کے شیشے توڑ پھوڑ دیئے۔ یہ ہنگامہ آرائی پیپلز پارٹی کے ان حامیوں نے کی جو اپنے دو کارکنوں کی خودسوزی کی کوشش کا تماشہ دیکھنے کے لئے لوہاری گیٹ اور داتا دربار چوک کے درمیان اکٹھے ہو گئے تھے۔

انارکلی کے دکانداروں کی انجمن کے سیکرٹری نے الزام لگایا ہے کہ جس وقت پیپلز پارٹی کے حامیوں کی ٹولیاں انارکلی میں دکانوں پر دہشت طاری اور انہیں لوٹنے کے لئے داخل ہوئیں تو پولیس کا کوئی فرد وہاں موجود نہیں تھا۔ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے دو افراد گجرات کے ایک مسیحی نوجوان عنایت اور فیصل آباد کے عبدالرشید عاجز نے آج پہلے کئے گئے اعلان کے مطابق

بھاٹی گیٹ کی بجائے اردو بازار اور موری گیٹ کے باہر اپنے کپڑوں پر تیل چھڑک کر خودکشی کرنے کی کوشش کی گواہی صرف ان کے کپڑوں نے آگ پکڑی ہی تھی کہ ان کے ساتھی [illegible] ان کی طرف آگئے اور ان کی آگ بجھا کر انہیں اپنے ساتھ لے گئے۔ اور ان کو طبی امداد کے لئے میو ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا۔ اس دوران پولیس کا تمام تر انتظام بھاٹی گیٹ چوک کے گرد و نواح میں تھا۔ اور خودکشی کی کوشش کے اس واقعہ کے وقت پولیس موری گیٹ کے چوک میں موجود نہ تھی۔

آج شام پانچ بجے سے ہی پیپلز پارٹی کے حامیوں نے مختلف ٹولیوں کی شکل میں بھاٹی گیٹ، داتا دربار، انارکلی اور لوہاری گیٹ کے گرد و نواح کے علاقوں میں گشت جاری [illegible]

[illegible]



پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے بس کو آگ لگا دی

پولیس ہنگامہ آرائی کرنے والوں پر اشک آور گیس پھینک رہی ہے

لاہور کے وہ لاکھوں شخص تھا کہ ان غنڈوں کے داخل ہوتے ہی انارکلی میں موجود تمام خریدار گھبرا کر واپس گھروں کو چلے گئے تھے اور دکانداروں نے اپنی دکانیں بند کرنا شروع کر دی تھیں۔ مسٹر اشرف جعفری نے مزید بتایا کہ جس وقت یہ غنڈے دکانوں کو نقصان پہنچا کر واپس چلے گئے تو ساڑھے چھ بجے شام پولیس کا [illegible]

شروع کیا۔ "یہ غنڈے" اپنی پارٹی کے حق میں نعرے لگا رہے تھے اور دفتر کے عملے پر حملہ آور ہونا چاہتے تھے۔ تاہم دفتر کا مین گیٹ اندر سے بند کر لیا گیا تھا اور دفتر کے عملے نے اپنی عمارت کی دوسری منزل سے ساتھ والے گھروں میں چھلانگیں لگا کر اپنی جانیں بچائیں۔ مظاہرین نے دفتر کے دروازے پر کھڑی گاڑیوں کے ایک سکوٹر، دو موٹر سائیکلوں کے علاوہ تین سائیکلوں کو آگ لگا دی۔

[illegible]

بتائی ہیں۔ مسٹر جعفری کے مطابق پیپلز پارٹی کے حامی آج شام تقریباً ساڑھے چھ بجے روزنامہ "سیاست" واقع رتن چند بلڈنگ پہنچے اور انہوں نے مین گیٹ کو آگ لگا دی۔ اور دفتر پر پتھراؤ

[illegible]

لاہور میں پیپلز پارٹی کے دو کارکنوں نے گرفتاری پیش کی

انہوں نے خود ہی گلے میں ہار ڈالے، ان کے نعروں کا جواب دینے والا کوئی نہ تھا

لاہور ——— (سٹاف رپورٹر) آج شام پیپلز پارٹی کے دس کارکنوں نے چوک گھنٹہ گھر میں خود کو گرفتاری کے لئے پیش کیا۔ اس موقع پر موجود پولیس نے انہیں فوراً گرفتار کر لیا اور گاڑی میں بٹھا کر لے گئی۔ تاہم اعلان کے مطابق آج چوک اردو بازار میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے اس مقام پر پہنچنا تھا جہاں چند روز قبل پیپلز پارٹی کے ایک کارکن نے خودسوزی کی کوشش کی تھی جو بعد میں جاں بحق ہو گیا تھا۔ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی طرف سے چند بجے شام چوک گھنٹہ گھر میں گرفتاریاں پیش کرنے کا اعلان کیا گیا تھا۔ چنانچہ شام [illegible]

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر قسم کی پاکستانی و ہندوستانی فوڈ کے علاوہ انٹرنیشنل فوڈ یعنی ہر قسم کی خوراک نہایت کم قیمت پر خریدنے کے لئے ہمیں خدمت کا موقع دیجئے۔

ہمارا نصب العین آپ کی تسلی ہے

فریضۂ قربانی کی ادائیگی کے لیئے ہماری خدمات حاصل کیجئے

WHOLESALE & RETAIL

Please Call **ISMAIL** *At*

461-2839

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Fresh Halal Meat & Vegetables

لاہور میں اپنے کپڑوں کو آگ لگانے والا چل بسا

لاہور ——— (نمائندہ خصوصی) اردو بازار کے چوک میں تیل چھڑک کر خودسوزی کی کوشش کرنے والا گوجرانوالہ کا پیپلز پارٹی کا کارکن یعقوب پرویز کھوکھر میو ہسپتال میں آج رات قریباً نو بجے زخموں کی تاب نہ لاکر دم توڑ گیا جبکہ دوسرے زخمی عبدالرشید عاجز کی حالت بھی نازک بیان کی جاتی ہے۔ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد یعقوب پرویز کی نعش قبضے میں کر کے اسے پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانہ بھجوا دیا ہے۔ یعقوب پرویز کھوکھر گوجرانوالہ میں پیپلز پارٹی کا جیالا کارکن تھا اور وہاں فرنیچر کا کام کرتا تھا۔

یاد رہے کہ اعلان کے مطابق پیر کو بھاٹی گیٹ کی بجائے اردو بازار کے چوک میں پیپلز پارٹی کے دو کارکنوں یعقوب کھوکھر اور عبدالرشید نے اپنے اوپر مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگا لی تھی۔ بعد ازاں پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے ان پر کمبل ڈال کر آگ بجھائی اور پھر ان دونوں کو طبی امداد کے لئے ایک جنازہ گاڑی میں ڈال کر میو ہسپتال لے جایا گیا جہاں آج یعقوب پرویز کھوکھر دم توڑ گیا۔

نصیر اللہ بابر گرفتار کر لیے گئے

راولپنڈی ——— (اپ پ) صوبہ سرحد کے سابق گورنر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر ریٹائرڈ میجر جنرل نصیر اللہ بابر کو گذشتہ شب گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ان کے خلاف مارشل لاء اور تعزیرات پاکستان کے تحت اقدام کیا گیا ہے۔

یعقوب مسیح بیروزگار ہونے کی وجہ سے پیپلز پارٹی والوں کے لالچ میں آگیا

اس کی موت کو سیاسی سٹنٹ بنانے کی کوششیں ناکام ہو گئیں

گوجرانوالہ ——— (نامہ نگار خصوصی) لاہور میں گوجرانوالہ پیپلز پارٹی کے ایماء پر خودسوزی کرنے والے نوجوان یعقوب مسیح کی موت کو سیاسی سٹنٹ بنانے کی تمام کوششیں ناکام ہو گئی ہیں اور شہر میں کسی قسم کے ردعمل کا اظہار نہیں کیا گیا تاہم مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے بلدیہ کے کئی ملازمین نے آج چھٹی کی اور یعقوب مسیح کی رہائش گاہ پر اظہار افسوس کے لئے گئے۔ بلدیہ کی یونین کے صدر جن کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے آج یعقوب مسیح کے گھر گئے اور اس کے لواحقین کو بعد میں مدد دینے کا اعلان کیا۔ یعقوب مسیح پیپلز منزل لاہور کی معروف طوائف جیبو کا بیٹا تھا وہ کچھ عرصہ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کرتا رہا اور جیبو نے اس کی انشورنس کے سلسلے میں بھرپور امداد کی مگر وہ اپنے پاؤں پر کھڑا نہ ہو سکا وہ سارا دن ایک مقامی ہوٹل میں پیپلز پارٹی کے نعرے لگانے والے نوجوانوں کے ساتھ بیٹھا رہتا جن کا

کوئی کاروبار نہیں۔ پیپلز پارٹی نے جیب خرچ دے کر کچھ کارکنوں کو خودسوزی کا ڈرامہ رچانے پر مجبور کیا تو وہ ان کے جھانسے میں آگیا کیونکہ اسے روپے کی ہر وقت ضرورت رہتی تھی اسے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت لاہور میں لوگوں سے دور رکھا گیا تاکہ اسے بچایا نہ جاسکے اور اس کی موت کو بہانہ بنا کر تحریک میں جان ڈالی جاسکے۔ پیپلز پارٹی کے ایک بڑے لیڈر کی یعقوب مسیح کے ورثاء کو زمین دینے کی فوری پیشکش بھی سیاسی سٹنٹ ہے تاکہ اس کے ورثاء اس کی موت پر تبصرہ نہ کر سکیں۔ پیپلز پارٹی کے کسی اہم مقامی لیڈر کو اس کے گھر جاتے نہیں دیکھا گیا وہ گذشتہ تین دن سے روپوش ہیں یا درہے کہ وقت نے مقامی پیپلز پارٹی کی زیر زمین سرگرمیوں کے متعلق پہلے سے خبر شائع کی تھی کہ کوئی تدارک نہ کیا گیا۔

یعقوب پرویز کے والد نے اپنے بیٹے کے قتل کا مقدمہ درج کرا دیا

خودسوزی پر اکسانے والوں کے خلاف کارروائی تیز کر دی گئی

لاہور ——— (سٹاف رپورٹر) لوہاری پولیس نے اندرون بازار میں خودسوزی کا ارتکاب کرنے والے یعقوب پرویز مسیح کا مقدمہ درج کر لیا ہے اور اکسانے والے پیپلز پارٹی کے بعض کارکنوں کے خلاف تیزی سے تفتیش شروع کر دی ہے [illegible]

[illegible]

سپریم کورٹ نے قرطاسِ ابیض کا جوابی مسودہ شائع کرنے کیلئے بھٹو کی درخواست مسترد کر دی

مسودہ جیل سے باہر لیجانے پر یحییٰ بختیار کے اقدام کی سخت مذمت

اپیل کنندہ سے ملاقات کے لیے فراخدلانہ سہولتوں کا ناجائز فائدہ اٹھایا گیا ہے
سماعت کے آخری مراحل میں سہولتیں ختم کرنا مناسب نہ ہوگا۔ سپریم کورٹ

راولپنڈی (ایجنسی) — اے پی پی: سپریم کورٹ آف پاکستان نے نواب محمد احمد خان قتل کیس کے سزا یافتہ مجرم ذوالفقار علی بھٹو کی یہ درخواست مسترد کر دی ہے کہ حکومت کے قرطاس ابیض کے جواب میں ان کا مسودہ اخبارات کو جاری کیا جائے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرطاس ابیض کے جواب میں ذوالفقار علی بھٹو کا مسودہ جیل سے باہر منتقل کرنے اور عدالت یا جیل حکام کی منظوری کے بغیر اسے لاہور میں طباعت کی غرض سے بھیجنے کے بارے میں سزا یافتہ مجرم ذوالفقار علی بھٹو کے وکیل مسٹر یحییٰ بختیار کے اقدام پر سخت ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے یہ قرار دیا ہے کہ مسٹر بختیار کا یہ اقدام ان سہولتوں سے ناجائز فائدہ اٹھانے کے مترادف ہے جو انہیں اپیل کنندہ سے ملاقات کے ضمن میں دی گئی ہیں۔

نواب محمد احمد خان قتل کیس میں لاہور ہائی کورٹ سے موت کی سزا کے خلاف سزا یافتہ مجرم ذوالفقار علی بھٹو اور دیگر چار افراد کی اپیلوں کی روزمرہ سماعت کے اختتام پر فاضل عدالت نے اپنے فیصلے میں لکھا ہے عام حالات میں ہم ملاقات کی سہولتیں ختم کر دینے میں حق بجانب ہوں گے لیکن ہم محسوس کرتے ہیں کہ ایک ایسے کیس میں جو اختتامی مراحل میں ہے ایسا کرنا مناسب نہ ہوگا۔ ہم یہ بات واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ اپیل کنندہ سے ملاقات کے ضمن میں جو سہولتیں دی گئی ہیں وہ اپیل کنندہ کے وکیل کی جانب سے دی گئی اس یقین دہانی سے مشروط ہوں گی جو انہوں نے ۲۹ مئی ۱۹۷۸ء کو کرائی تھی۔ انہیں اس یقین دہانی پر مکمل طور پر کاربند رہنا ہوگا کہ وہ اپیل کنندہ کی بیرونی دنیا سے رابطے کے لیے آلہ کار نہیں بنیں گے۔ جیل کے اندر لائی جانے والی اور جیل سے باہر لے جائی جانے والی تمام دستاویزات بالخصوص ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کے سپرنٹنڈنٹ کو دکھائی جائیں گی تاکہ ان کے بارے میں جیل کے متعلقہ قواعد و ضوابط پورے کئے جا سکیں۔

چیف جسٹس مسٹر جسٹس انوار الحق کے پانچ صفحات پر مشتمل یہ فیصلہ سنانے کے بعد بینچ کے ساتوں فاضل جج صاحبان نے اتفاق کیا ہے۔ مسٹر یحییٰ بختیار نے استدعا کی کہ اپنے اس طرز عمل پر سپریم کورٹ کی جانب سے ناپسندیدگی کا اظہار کئے جانے کے بعد وہ اپنے مؤکل سے اس سلسلے میں ہدایات حاصل کریں گے کہ آیا وہ (بھٹو) انہیں اپنا وکیل رکھنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ اپنے اس فیصلے میں سپریم کورٹ نے یہ بھی ہدایت کی ہے کہ اپیل کی سماعت کے سلسلے میں عدالت میں پیش کی گئی یا پیش کی جانے والی کسی دستاویز کو عدالت کی اجازت کے بغیر مشتہر نہ کیا جائے۔

سپریم کورٹ نے نواب محمد احمد خان قتل کیس میں لاہور ہائی کورٹ سے سزائے موت پانے والے سزا یافتہ مجرم ذوالفقار علی بھٹو کی جانب سے دائر کی گئی درخواست بھی مسترد کر دی جس میں انہوں نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ قرطاس ابیض کی اشاعت سے انصاف کے عمل میں مداخلت ہوئی ہے۔ عدالت نے فیصلہ دیا کہ داد رسی کی یہ درخواست موجودہ اپیل کے دائرے سے باہر ہے۔

فیصلے میں کہا گیا ہے ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کے سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے براہ راست اپیل کنندہ کی جانب سے درخواست جو سرکاری طور پر فریقین کے وکلاء کو گزشتہ جاری کی گئی۔ راولپنڈی جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے سنگین نوعیت کے الزامات عائد کئے تھے اور یہ امور کے متقاضی تھے۔ چنانچہ عدالت نے فریقین کے فاضل وکلاء کے دلائل کی سماعت کی۔ مسٹر یحییٰ بختیار کا موقف یہ تھا کہ اپیل کنندہ نے قرطاس ابیض کے جواب کا مسودہ انہیں دیا تھا۔ طباعت کے لیے تھا۔ انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ وہ یہ مسودہ جیل سے باہر لے گئے اور اس کی ایک ہزار کاپیوں کی طباعت کے لیے لاہور کے ایک پریس کو بھیجا تاہم وہ اسے عدالت سے پیشگی اجازت حاصل کئے بغیر چھپوانا نہیں چاہتے تھے۔ انہوں نے موقف بھی اختیار کیا کہ اس اقدام سے پنجاب جیل مینول کی قاعدہ ۵۵۱، ۵۵۰ اور ۵۵۶ کی خلاف ورزی نہیں ہوئی کیونکہ یہ قواعد ان کا تعلق خطوط سے ہے اور مسودے کا حقیقی اور جیل سے باہر لے جانے والی دستاویزات ہیں جن کے بارے میں سپرنٹنڈنٹ جیل کو دکھائے بغیر لے جانے کا کوئی جواز تھا۔

انہوں نے اس سلسلے میں قانون شہادت کی دفعہ ۱۲۶ کا حوالہ بھی دیا اور موقف اختیار کیا کہ یہ دستاویز اپیل کنندہ اور ان کے وکیل کے درمیان خفیہ مراسلت کی حیثیت رکھتی ہے اور سپرنٹنڈنٹ کو دکھائی جانی ضروری نہ تھی۔

دوسری طرف مسٹر ایم اے رحمان فاضل ایڈووکیٹ جنرل نے موقف اختیار کیا ہے کہ مسٹر یحییٰ بختیار نے اس واضح یقین دہانی کی خلاف ورزی کی ہے کہ وہ اپیل کنندہ کے بیرونی دنیا سے رابطے کے لیے آلہ کار نہیں بنیں گے اور جیل کے ضوابط کی بھی خلاف ورزی کی ہے چنانچہ اپیل کنندہ سے ان کی ملاقات کی سہولت واپس لے لی جائے اور انہیں اپیل کنندہ کے

اعتبار زیادہ جیل مینول کی سختی سے پابندی کرائی جائے۔

اس طرح ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کے سپرنٹنڈنٹ نے یہ درخواست کی ہے جس میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اگر ملاقاتوں کی اجازت بحال رہتی ہے تو جیل حکام کو ملاقات سے قبل اور بعد میں وکیل کی تلاشی کی اجازت دی جائے تاکہ مستقبل میں کسی دستاویز کے جیل سے باہر منتقل کئے جانے کا امکان نہ رہے۔

فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اس عدالت کی آرڈر شیٹ مجریہ ۲۹ مئی میں پہلے ہی یہ ہدایت موجود ہے کہ جیل میں کوئی چیز اس وقت تک شائع نہیں کی جائے گی جب تک وہ اپنی طلب کردہ یا جاری کی گئی دستاویزات کی نوعیت یا غیر موزونیت کا پہلے جائزہ نہ لے۔ چنانچہ ہم مسٹر یحییٰ بختیار کے اس موقف کو درست سمجھنے کے قابل نہیں کہ اس دستاویز کو مقدمے کے ریکارڈ پر لانے کی درخواست سے قبل ہی وہ اس جواب کو اس وقت چھپوانے کا کوئی ارادہ نہ رکھتے تھے جب اس کی ایک ہزار کاپیاں زیر طبع تھیں اور اس کے مندرجات چھاپنے والوں کے علم میں لائے گئے اور ہم اس موقف کو بھی تسلیم نہیں کرتے کہ جیل مینول کے قواعد کا اطلاق صرف خطوط کے حد تک ہوتا ہے اور کسی دوسرے ذرائع ابلاغ پر نہیں ہوتا ان کے معنوں کو محدود نہیں کیا جا سکتا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ یہ بات بھی اتنی ہی واضح ہے کہ ان کے پلندے کو وکیل ایسی دستاویز جیل مینول کے متعلقہ پیراگراف کے مطابق جیل سپرنٹنڈنٹ کے بغیر جیل کے احاطے سے باہر لے جانے کا مشکل ہی درست قرار دے سکتا ہے۔ اگر مسٹر یحییٰ بختیار کا واقعی یہ خیال ہے کہ اس دستاویز پر قانون شہادت کی دفعہ ۱۲۶ کا اطلاق ہوتا ہے تو ان کا فرض تھا کہ وہ پنجاب جیل مینول کے پیراگراف ۵۵۰ پر عمل کرتے جس کے تحت اس نوعیت کی خفیہ دستاویزات کے تبادلے کا اہتمام کیا گیا ہے مگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہے اور اس کی وجہ وہی بہتر جانتے ہیں۔ ان حالات میں ہم مسٹر یحییٰ بختیار کے اس طرز عمل کو سختی سے مسترد کرتے ہیں کہ وہ اس دستاویز کو جیل حکام یا اس عدالت کے علم یا اجازت کے بغیر جیل کے احاطے سے باہر لے گئے اور اسے طباعت کے لیے لاہور بھیج دیا۔ یہ بات عدالت کی طرف سے اپیل کنندہ کے وکیل کو فراہم کردہ انتہائی فراخدلانہ سہولتوں کے غلط استعمال کے مترادف ہے۔ اس طرح ہم یہ سہولت ختم کرنے میں حق بجانب ہوتے مگر ہم محسوس کرتے ہیں چونکہ یہ مقدمہ آخری مراحل میں ہے اس لیے ایسا کرنا مناسب نہ ہوگا تاہم انٹرویو کی سہولت جو پہلے ہی دی جا چکی ہے اس شرط کے ساتھ جاری رہے گی کہ اپیل کنندہ کے وکیل ۲۹ مئی ۱۹۷۸ء کو صدق دل سے جو یقین دہانی کرائی تھی اس پر پوری طرح عمل کیا جائے گا یعنی وہ اپیل کنندہ اور بیرونی دنیا کے درمیان رابطہ کا ذریعہ نہیں بنیں گے جو دستاویزات جیل کے باہر لائی جائیں گی یا جیل میں لیجائی جائیں گی وہ ڈسٹرکٹ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کو پیش کی جائیں گی تاکہ ان کی جیل مینول کے متعلقہ پیراگراف کے مطابق چھان بین کی جا سکے۔ عدالت عالیہ نے یہ ہدایت بھی کی کہ کسی قسم کی دستاویز جو اس مقدمہ کے بارے میں فریقین اس عدالت میں پیش کریں یا پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، ان کی عدالت کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی قسم کی تشہیر نہ کی جائے۔

فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اپیل کنندہ نے اس بنیاد پر کہ وائٹ پیپر کی اشاعت سے انصاف کے تقاضے پورے کرنے میں رکاوٹ پڑی ہے۔ یہ صورت دینے پر زور دیا ہے کہ اس کا جواب شائع کرنے پر جن افراد کو غیر قانونی طور پر گرفتار کیا گیا ہے وہ فوراً رہا کئے جائیں۔ اس جواب کی طباعت شدہ کاپیاں فوری طور پر واپس کی جائیں اور اس کے ناشر کے حوالے کی جائیں۔ پرنٹنگ پریس جسے سربمہر کیا گیا ہے فوری طور پر کھول دیا جائے۔ اس کے مالک کے خلاف جو کارروائی کی گئی ہے اسے فوری کالعدم قرار دیا جائے۔ اس سلسلے میں کسی شخص کو گرفتار یا ہراساں نہ کیا جائے اور انصاف کا تقاضا پورا کرنے کے لیے مسودہ جواب کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی اجازت دی جائے۔

عدالت نے حکم میں کہا گیا ہے کہ ہمارے خیال میں یہ معاملات موجودہ اپیل کے دائرہ کار سے باہر ہیں اس لیے یہ عدالت کی توجہ کے مستحق نہیں اور نہ ہی یہ سہولتیں فراہم کی جا سکتی ہیں۔ یہ فیصلہ چیف جسٹس مسٹر جسٹس انوار الحق نے پڑھ کر سنایا اور اسی پر کمرہ عدالت میں تمام فاضل ججوں نے دستخط کئے جب فیصلہ سنایا جا چکا تو مسٹر یحییٰ بختیار کے سینئر وکیل مسٹر یحییٰ بختیار نے عدالت سے کہا کہ عدالت نے ان کے بارے میں جن ناراضگی کا اظہار کیا ہے اس کے پیش نظر وہ اپنے مؤکل سے مشورہ کریں گے اور ان سے ہدایت لے کر بتائیں گے کہ آیا وہ اس مقدمے کی مزید پیروی کریں گے یا نہیں۔

یہ فیصلہ آج کارروائی کے اختتام پر سنایا گیا۔ اس وقت کمرہ عدالت بھرا ہوا تھا۔ عدالت نے یہ فیصلہ راولپنڈی ڈسٹرکٹ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کی ایک درخواست پر دیا ہے جس کے ساتھ مسٹر بھٹو کی ایک درخواست بھی منسلک تھی۔

اداکارہ فردوس کا اقدام خودکشی

جائیداد کی نیلامی سے دل برداشتہ ہو کر خواب آور گولیاں کھالیں

فردوس انکم ٹیکس کی ادائیگی کے لیے باقی جائیداد فروخت کر دے گی

لاہور — (نمائندہ خصوصی) فلمی اداکارہ فردوس نے جائیداد نیلام ہونے سے دل برداشتہ ہو کر کافی مقدار میں خواب آور گولیاں کھا لیں۔ اسے گزشتہ رات تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا۔ دو گھنٹے کی جدوجہد کے دوران ڈاکٹروں نے اس کے معدے کی صفائی کی۔ بعد ازاں فردوس کے ورثا اسے زیر علاج گھر لے گئے جہاں وہ پوری طرح ہوش میں بھی نہ تھی۔ اداکارہ فردوس کے اقدام خودکشی کے بارے میں پولیس سے جب دریافت کیا گیا تو اس نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ جب فردوس کے گھر ٹیلیفون پر رابطہ پیدا کیا گیا تو وہاں سے پتہ چلا کہ فردوس کی حالت بدستور خراب ہے اور وہ کسی سے بات چیت کرنے کے قابل نہیں تاہم پرائیویٹ ڈاکٹر کے ذریعے علاج معالجے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق فردوس گزشتہ روز ہی سے انکم ٹیکس کے معاملے میں کچھ پریشان نظر آتی تھی اور وہ انکم ٹیکس کے واجبات ادا کرکے اپنی جائیداد واگزار کرانا چاہتی ہے۔ انکم ٹیکس حکام نے فردوس سے دس لاکھ روپے انکم ٹیکس وصول کرنے کے سلسلے میں فردوس مارکیٹ کی دکانیں نیلام کر دی ہیں پتہ چلا ہے کہ فردوس حسن آباد اور گلبرگ میں اپنی کوٹھیوں کے علاوہ حسن آباد میں فردوس کنال کا پلاٹ بھی فروخت کرنے کی فکر میں ہے تاکہ ٹیکس کے بقایاجات ادا کر سکے یہ امر قابل ذکر ہے کہ اگر فردوس ایک ماہ کے اندر بقایاجات ادا کر دے تو اس کی نیلام شدہ مارکیٹ اسے واپس مل جائے گی۔

سیاسی جلسوں کے اہتمام میں مارشل لا کے ضوابط کو پیش نظر رکھا جائے

لاہور — اے پی پی: ایک سرکاری اعلان میں سیاسی جماعتوں کی توجہ ایک بار پھر اس امر کی جانب مبذول کرائی گئی ہے کہ سیاسی جلسوں کے اہتمام میں وہ مارشل لا کے حکم نمبر ۳۹ اور ضابطہ ۵۲ کو مدنظر رکھیں ان احکام کی خلاف ورزی پر تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ سرکاری اعلان میں پھر واضح کیا گیا ہے کہ پبلک جلسے منعقد نہیں کئے جا سکتے اور جلسوں کا انعقاد چار دیواری کے اندر ہی کیا جا سکتا ہے جبکہ لاؤڈ سپیکروں یا اس نوع کے دیگر آلات کے استعمال کی بھی ممانعت ہے اور ضابطہ کی خلاف ورزی پر حکومت کارروائی کرنے کی۔

نورانی ...

نظامِ مصطفیٰ نافذ کریں حکومت

ان کے حوالے کر دی جائے

شیخوپورہ — (نمائندہ خصوصی) پاکستان قومی اتحاد اور جمعیت علمائے پاکستان کے سربراہ اور وفاقی وزیر خان محمد زمان خان اچکزئی نے جمعیت علمائے پاکستان کے سربراہ میاں شاہ احمد نورانی کی پیشکش کی ہے کہ وہ پچھ عرصے کے لیے اقتدار سنبھال لیں اور ملک میں نظام مصطفیٰ نافذ کرکے دکھا دیں۔ ہم حکومت ان کے حوالے کرنے کے لیے تیار ہیں۔ سید امین گیلانی کی اقامت گاہ پر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ شاہ احمد نورانی کی پارٹی سے تعلق رکھنے والے صاحب کے بعض تحفظات اور فرقہ وارانہ جذبات کو ہوا دینے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ حکومت کے لیے مشکلات پیدا کی جا سکیں دراصل جمعیت علمائے پاکستان کے رہنما نظام مصطفیٰ میں مخلص نہیں ہیں۔ وہ وزیر قومی اتحاد سے علیحدگی کے ذکر سے نورانی میاں کے بیانات بھی مفادات کے نقصان و

بلوچستان میں صوبائی حکومت کی تشکیل کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ یہ معاملہ صدر ضیاء الحق اور قومی اتحاد کے رہنماؤں کے درمیان ہے تاہم ہماری کوشش ہوگی کہ صوبائی وزارتوں کے نہ ہونے کے باوجود نوابی کابینہ کا کردار متاثر نہ ہو۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ صوبوں میں وزارتوں کی عدم موجودگی سے قومی اتحاد کو مشکلات درپیش ہیں۔ قومی اتحاد صوبوں میں جلد از جلد حکومتیں قائم کرنے کا خواہاں ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں سابقہ حکومت کے دور کے متاثرین کو معاوضہ ادا کرنے کی صورت میں ادا نہیں کیا جا رہا بلکہ بیانات کی حد تک ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ بلوچستان میں علیحدگی پسندی کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اگر کسی نے وطن عزیز کی یکجہتی کو گزند پہنچانے کی کوشش کی تو اسے ناکام بنا دیا جائے گا۔

راولپنڈی میں پیپلز پارٹی کی ایک رکن نے گرفتاری پیش کی

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) کمیٹی چوک راولپنڈی میں آج ایک خاتون نے بھٹو کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے اپنے آپ کو گرفتاری کے لیے پیش کیا جسے فوراً ہی پولیس نے گرفتار کر لیا۔ گرفتار ہونے والی خاتون کا نام حشمت بی بی ہے۔ موضع لنڈا بازار راولپنڈی کی رہنے والی ہے حشمت بی بی ایک دوسری عورت اور ایک نوجوان کے ہمراہ کمیٹی چوک میں آئی تھی۔ دوسری عورت نے کہا کہ میں اس طرف سے نعرے لگاتی آتی ہوں اور تم دوسری طرف سے نعرے لگاتی ہوئی آؤ لیکن دوسری نامعلوم عورت اسے چھوڑ کر بھاگ گئی اور کافی دیر تک انتظار کرنے کے باوجود نہیں آئی۔ پولیس نے حشمت بی بی کے خلاف مارشل لا کے ضابطہ نمبر ۱۳ اور ۳۳ کے تحت مقدمہ درج کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی۔وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچہ کے لیے

آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465–5411
Windsor: (519)256–0654
Detroit: (313)963–3965
Columbus, Ohio.(614)457–3876

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور باقاعدہ ہفت روزہ اخبار

کریسنٹ

ٹورانٹو کینیڈا

جلد: ۷ | ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۹۸ھ | ۱۵ اکتوبر ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۵

بھارت دریائے راوی پر مادھوپور سے ایک سو میل اوپر مناباب بیراج تعمیر کرے گا

تھائم ڈیم کے ذریعے برسات کے پانی کو آبپاشی کے لیے استعمال کیا جائے گا

سردیوں میں دریا بالکل خشک ہو جائے گا

لاہور ـــــ وقائع نگار بھارت نے دریائے راوی پر ایک اور بیراج تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے یہ نیا بیراج راوی کے بالائی علاقے میں مادھوپور بیراج سے کافی اوپر تعمیر کیا جا رہا ہے تاکہ برسات کے موسم میں راوی کے پانی کو روک کر اسے آبپاشی کے مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکے ... [illegible]

ہنگامہ آرائی، پتھراؤ، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور خودسوزی کے الزامات کے تحت متعدد افراد کے خلاف مقدمات کا اندراج

لاہور ـــــ (نمائندہ خصوصی) گوشتہ دنوں پیپلز پارٹی کے جن دو افراد عبدالرشید اور یعقوب پرویز نے خود کو آگ لگا کر خودکشی کی کوشش کی تھی ان کے خلاف اقدام خودکشی اور ... [illegible]

> سپریم کورٹ نے بھٹو کو رہا کر دیا تو انہیں رہا کر دیا جائے گا
> فیصلہ برعکس ہوا تو میں اسے پھانسی دے دوں گا
> ـــ صدر ضیاء

بے نظیر، فاروق لغاری اور غلام حسین سمیت پیپلز پارٹی کے متعدد لیڈر اور کارکن گرفتار کر لیے گئے

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے تخریب کاری کا ملک گیر منصوبہ بنا رکھا تھا

سابق وزیر اعظم کی بیٹی کو فی الحال ان کی والدہ کے پاس نظر بند رکھا جائے گا۔

راولپنڈی ـــــ (نمائندہ خصوصی) سابق وزیر اعظم بھٹو کی بیٹی مس بے نظیر بھٹو کو آج ملتان میں گرفتار کر لیا گیا۔ ان کی گرفتاری ... [illegible]

چین نے نقد ادائیگی کی بنا پر پاکستان سے دس بحری جہاز خریدے گا

اسلام آباد ـــــ (پ پ) چین پاکستان سے نقد ادائیگی کی بنیاد پر آئندہ پانچ سال کے دوران دس بحری جہاز خریدے گا ... [illegible]

جمعیت علمائے پاکستان اور تحریک استقلال میں مکمل مفاہمت ہے: نورانی

راولپنڈی ـــــ (اپ پ) جمعیت علمائے پاکستان کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی نے کہا ہے کہ ان کی جماعت کا تحریک استقلال سے مسلسل رابطہ قائم ہے ... [illegible]

اصغر خان نے پیدل دورہ ملتوی کر دیا

راولپنڈی ـــــ (پ پ ا) تحریک استقلال کے سربراہ اصغر خان نے ضلع ہزارہ کا پیدل دورہ کرنے کا پروگرام ملتوی کر دیا ہے ... [illegible]

یعقوب مسیح کو بھٹو خاندان کی تخریبی سیاست کی بھینٹ چڑھا دیا گیا ہے: بشیر طاہر

لاہور ـــــ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی رکن ... [illegible]

آبزرور لندن کو انٹرویو

لندن ـــــ صدر جنرل ضیاء الحق نے آبزرور لندن کے نامہ نگار ... [illegible]

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:
1 Year ....$8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ..$5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

Crescent
کریسنٹ انٹرنیشنل
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name..
Address..
....
Postal Code..
Telephone No..